صحیحین میں حضرت عبادہ بن صامت کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو اللہ سے ملنا پسند کرتا ہے اللہ بھی اس سے ملنا پسند کرتا ہے اور جو اللہ سے ملنا ناپسند سمجھتا ہے اللہ بھی اس سے ملنے سے نفرت کرتا ہے۔ حضرت عائشہؓ نے کہا کہ ہم میں سے کوئی ایسا نہیں ہے جو یہ عرض کرے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہم تو موت کو ناپسند کرتے ہیں (کون مرنا چاہتا ہے) فرمایا یہ مطلب نہیں ہے بلکہ بات یوں ہے کہ مؤمن کے سامنے جب موت آتی ہے تو اس کو اللہ کی خوشنودی اور رحمت کی بشارت دی جاتی ہے اس وقت (جیسے جینے والی) کوئی چیز بھی آگے آنے والی چیز سے زیادہ محبوب نہیں ہوتی اس لئے وہ اللہ سے ملنے کو پسند کرتا ہے اور اللہ اس سے ملنا پسند کرتا ہے۔ لیکن جب کافر کے مرنے کا وقت آتا ہے تو اس کو اللہ کے عذاب اور سزا کی اطلاع دی جاتی ہے اس وقت پیش آنے والی چیز سے زیادہ ناپسندیدہ کوئی چیز اس کی نظر میں نہیں ہوتی اس لئے وہ اللہ سے ملنا ناپسند کرتا ہے۔ (نصیر صفحہ ۱۰)

عمل صالح کرنے کا نسخہ:

حضرت علامہ زمخشری رحمۃ اللہ علیہ اپنی عمر بیان فرماتے ہیں آپ فرماتے ہیں تیس سال کی عمر تک میں نے اللہ سے دعا کی کہ مجھے چند روز کی مہلت دیدی جائے تاکہ میں نیکیاں کر لوں۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے کبھی مہلت نہ دی جبکہ اب مجھے یہ کہنے کی کامل کھلی کھلی نیکیاں کر لوں۔ تو فرمایا تو تیس سال کی عمر میں اپنے کو بوڑھا اور خود زندگی کی گھڑیوں کو موت خدا میں بسر کرو۔

کافر کی درخواست رد ہو جاتی ہے:

حضرت ابوہریرہؓ فرماتے ہیں جب کافر کی قبر میں رکھا جاتا ہے اور اپنا انجام کا ٹھکانا دیکھ لیتا ہے تو کہتا ہے میرے رب مجھے قیامت میں نہ اٹھائیے گا۔ میں آپ کو ہر چیز دینے کو تیار ہوں گا۔ جواب ملتا ہے کہ یہ بتلائیے کہ تجھ سے جو کچھ مانگا گیا تھا تو نے اس کو پورا کیا تھا؟ تو کہتا ہے کہ میں نے تو آپ سے مانگا ہی نہیں تھا۔ تو کہا جاتا ہے کہ تو نے جو کچھ مانگا تھا وہ تو تجھ کو دیا گیا تھا۔ تو نے اس کو پورا نہیں کیا۔ تو آج تیری درخواست رد کی جاتی ہے۔

گناہ گاروں کی قبر میں:

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں گناہگاروں پر ان کی قبر میں بڑی مصیبت کی جگہ ہوتی ہے۔ ان کی قبروں میں انجین کا سے ناک نہ ہتھوڑے ہیں جن میں سے ایک بہت بڑا اس نے سر پر رکھا ہے اور ایک انتہائی بڑا بچھو ہے دوسرا کی طرف سے۔ اژدہا اور بچھو اس پر حملہ شروع کرتا ہے یہ چیزوں کی طرف سے کاٹنا اور ڈسنا شروع کرتا ہے۔ یہاں تک کی سچ کی جگہ آگ اور دھواں دکھنے ہو جاتے ہیں۔ جس پر ہے وہ برزخ جہاں پر قیامت تک رہیں گے

عالم برزخ کے عذاب پر تنبیہ:

حق تعالیٰ فرماتے ہیں کہ ان کے آگے برزخ ایک حجاب اور آڑ ہے دنیا اور آخرت کے درمیان۔ وہ نہ تو صحیح طور پر دنیا میں ہیں کہ کھائیں پئیں نہ آخرت میں ہیں کہ ان کے چہرے بدلے ہی جا چکی بلکہ بیچ کی جگہ میں ہیں۔ یہی اس آیت میں فلانوں کو زیادہ بڑا عذاب ہوگا یعنی عالم برزخ میں کہ بڑے بھاری عذاب ہوں گے۔ (تفسیر ابن کثیر)

تاکام تمنا:

رکوع ۱۲ یعنی موت کے وقت کافر پر جب آخرت کا عذاب سامنے آنے لگتا ہے تو وہ تمنا کرتا ہے کہ کاش میں پھر دنیا میں لوٹ جاؤں اور نیک عمل کر کے اس عذاب سے نجات حاصل کر لوں۔ (سورۃ مؤمنون رکوع ۱)

كَلَّا إِنَّهَا كَلِمَةٌ هُوَ قَائِلُهَا

ہرگز نہیں (یہ بات) کہنے کی ہے

کافر واپس آ کر بھی نیکی نہ کریں گے:

یعنی اگر جانے کے بعد اس کا کام کیلئے پھر واپس نہیں بھیجا جا سکتا اور بالفرض واپس کر دیا جائے تو وہ ہرگز نیک کام نہ کرے گا۔ وہ خود شرارتی پھر سوچھی کی وَلَوْ رُدُّوا لَعَادُوا لِمَا نُهُوا عَنْهُ وَإِنَّهُمْ لَكَاذِبُونَ (انعام رکوع ۳) یعنی اس کی بات ہے جو زبان سے کہہ رہا ہے اور جب حضرت احدیت کی طرف سے خاموشی کا جواب آتا ہے تو یہ سمجھتا ہے کہ بات بن گئی ہے ہمارے یہاں شنوائی نہیں ہوگی۔

وَمِن وَرَائِهِم بَرْزَخٌ إِلَىٰ يَوْمِ يُبْعَثُونَ

اور ان کے پیچھے ہے ان کے آگے ایک حجاب

عالم برزخ:

یعنی ابھی کیا دیکھا ہے موت ہی سے اس قدر گھبرا گئے۔ ابھی تو اس جگہ ایک اور عالم برزخ کا ہے جہاں پہنچ کر دنیا والوں سے زیادہ عقل ہو جاتی ہے اور آخرت بھی سامنے نہیں آتی۔ ہاں عذاب آخرت کا تھوڑا سا نمونہ

...ہے کہ اس کو دفن کرنے کے بعد قبر پر کھڑے ہو کر ...

...موت کے بعد قیامت اور حشر تک کے زمانہ کو برزخ کہا جاتا ہے کہ ...
...یہ زمانہ دنیا اور آخرت کے درمیان حد فاصل ہے ...
...ہے جب مرنے والا دنیا سے جاتا ہے تو اس سے پہلے کہ ...
...فرشتے اس کو عذاب دینے لگتے ہیں ...
...ہے کہ مرنے والے کو ...
...ہے ...

فَإِذَا نُفِخَ فِي الصُّورِ فَلَا أَنسَابَ بَيْنَهُمْ

...یہ ...

يَوْمَئِذٍ وَلَا يَتَسَاءَلُونَ

...

قبر کی کوئی پوچھ گچھ کا

...برزخ کے بعد قیامت کے دن ...
...کے ساتھ معاملات کے بارے میں ...
...کے وقت ...
...ہے ...
...ہے ...
...ہے

کر علی الاعلان سب لوگوں اور مخلوقوں کے سامنے کھڑا کیا جائے گا اور ایک منادی ندا دے گا۔ یہ وہی ہیں جن لوگوں نے اس کی طرف نسبی کا حق تو دوسرا حق لیا جائے اس وقت جس شخص کا اپنے باپ یا بیٹے یا بھائی پر کوئی حق ہوگا وہ خوش ہوگا اور اپنا حق وصول کرے گا۔ اس کے بعد حضرت ابن مسعود نے آیت وَلَا يَتَسَاءَلُونَ پڑھی۔ عطاء کی روایت میں حضرت ابن عباس کا قول بھی ہے کہ اس جگہ کچھ سے سوال و جواب نہ ہوگا۔

نسب پر فخر بے کار ہے:

قیامت کے ہولناک دن کچھ لوگ اپنے نسب پر فخر کرتے تھے۔ قیامت کے دن کوئی نسبی رشتہ (اور نسبی) فخر نہ کرسکے گا۔ یہ مطلب ہے کہ۔ نہ اس روز کوئی رشتہ کسی کے کام آئے گا۔ کیونکہ سب اتنے دہشت زدہ اور حیران ہوں گے کہ کوئی کسی سے ہمدردی نہ کرے گا اور نہ کوئی کسی پر رحم کرے گا۔ ہر شخص پر مصائب کا ہجوم ہوگا۔ اور یہ حالت ہوجائے گی کہ آدمی اپنے ماں باپ اور بیوی بچوں سے بھی بھاگے گا۔

معصوم بچے والدین کو شراب پلائیں گے:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا، قیامت کا دن ہوگا تو اس روز ماؤں کے پاس بچے آئیں گے جو ابھی دودھ پیتے ہیں۔ وہ آکر ان سے کہیں گے کہ ہمارا دودھ تو ہمیں بخشو (شراب طہور) دو۔ لوگ ان سے کہیں گے ہم کو پتا دو اور جواب دیں گے (نہیں) ہم اپنے ماں باپ کو پائیں گے۔ اپنے ماں باپ کو پائیں گے، یہاں تک کہ ساقط شدہ بچے بھی جنت کے دروازے پر کھڑا ہوئے کہ اب تک میرے باپ اندر نہ جائیں گے۔ میں اندر داخل نہ ہوں گا۔ راوی ابن ابی الدنیا عن عبداللہ بن عمر الصنعانی عن ابیہ عن ابی ہریرہ کی سند سے بھی اس کے ہم معنی روایت ہے۔

ابن عساکر نے بسند حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ روایت کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، قیامت کے دن ہر نسبی اور سسرالی رشتے کے علاوہ نسبی اور سسرالی رشتہ ٹوٹ جائے گا۔

مؤمنوں کے رشتے منقطع نہ ہوں گے

مؤمنوں کی نسبی رشتہ داریاں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم میں تھیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم مسلمانوں کے باپ تھے، اور آپ کی بیویاں مسلمانوں کی مائیں تھیں۔ (یعنی آپ کا رشتہ منقطع نہ ہوگا باقی مؤمن کے رشتے منقطع ہوں گے۔)

اکثر نے کہا، حدیث کا مطلب یہ ہے کہ قیامت کے دن کوئی رشتہ اور نسب موجود نہ ہوگا سوائے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے رشتہ اور نسبت کے، یعنی سوائے قرآن اور سنت کے۔ (قرطبی)

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا:

حدیث میں ہے کہ میں نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ یہاں میرا کان ہوا ہے اور جس کو نکاح میرے ساتھ ہوا ہے وہ سب جنت میں بھی میرے ساتھ ہیں تو اللہ تعالیٰ نے میری دعا قبول فرمائی۔ (قرطبی)

فَمَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِينُهُ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ۚ	
جس کی نیکی بھاری ہوئی تو	وہی لوگ
وَمَنْ خَفَّتْ مَوَازِينُهُ فَأُولَٰئِكَ الَّذِينَ خَسِرُوا أَنفُسَهُمْ	
اور جس کی نیکی ہلکی ہوئی	تو یہ لوگ
فِي جَهَنَّمَ خَالِدُونَ ۝ تَلْفَحُ وُجُوهَهُمُ النَّارُ وَهُمْ	
وہ ہمیشہ جہنم میں رہیں گے	جلائے گی ان کے منہ کو آگ اور
فِيهَا كَالِحُونَ ۝	
اس میں بگڑی ہوئی شکل ہوں گے	

ہونٹ سوج جائیں گے اور زبان کو پاؤں روندیں گے:

جلتے جلتے ہونٹ سوج جائیں گے، نیچے کا ہونٹ ناف تک لٹک جائے گا اور اوپر کا چہرے کو گھومتی ہوئی تک پہنچ جائے گا اور زبان باہر نکل کر زمین پر لٹکتی ہوئی جلتے ہوئے پاؤں سے روندی جائے گی۔ (اللھم احفظنا منہ ومن سائر انواع العذاب یا ارحم الراحمین)

میدان حشر کے مختلف احوال:

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ محشر میں مختلف مواقف ہوں گے ہر موقف کا حال مختلف ہوگا۔ ایک وقت ایسا بھی آئے گا کہ کوئی کسی کو پوچھے گا بھی نہیں۔ موقف میں جب وہ ہیبت اور ہول کا دن ہوگا جبکہ ہر شخص اپنا ہی غم کھا رہا ہوگا۔ (قرطبی)

مؤمنین کاملین اور کفار:

لَمَسَّكُمْ فِيمَا أَفَضْتُمْ فِيهِ عَذَابٌ عَظِيمٌ ۝ إِذْ تَلَقَّوْنَهُ بِأَلْسِنَتِكُمْ وَتَقُولُونَ بِأَفْوَاهِكُم مَّا لَيْسَ لَكُم بِهِ عِلْمٌ وَتَحْسَبُونَهُ هَيِّنًا وَهُوَ عِندَ اللَّهِ عَظِيمٌ ۝ یعنی اگر تم پر اللہ کا فضل اور اس کی رحمت دنیا اور آخرت میں نہ ہوتی تو جس بات میں تم پڑے تھے اس کے سبب تم پر بڑا عذاب آتا۔ جب تم اس کو اپنی زبان سے ایک دوسرے سے نقل کرتے تھے اور اپنے منہ سے ایسی بات کہتے تھے جس کا تمہیں کچھ علم نہ تھا اور تم اس کو معمولی بات سمجھتے تھے حالانکہ وہ اللہ کے نزدیک بڑی بات تھی۔ (مطبوعی)

کا بیمن اور کفار کا بائیں ہاتھ اور انبیاء کے اعمال کا اور ان میں سے ہر ایک کے انجام کار کا ذکر کیا گیا کہ خوش نصیبوں کو جنت کا پاسپورٹ مل گیا تو فلاح حاصل ہو گئی، کفار کا پاسپورٹ بائیں ہاتھ میں آئے گا تو ان کا ٹھکانہ جہنم میں رہنا پڑے گا۔

ہر انسان کے اعمال کا وزن ہوگا

بعض روایات سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ ہر انسان کے اعمال خود دنیا میں ہی وزن ہونے کے لئے حاضر کئے جاتے ہیں، کنز میں ہے کہ قسم ترمذی میں ہے کہ میزان عمل میں رکھا جائے گا، وہ تولے جائیں گے، طبرانی وغیرہ نے یہ روایت ان الفاظ میں کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کیا ہے۔ ان سب روایات حدیث کے اتفاق اور وزن تسمیہ مقاربی میں عمل صحیفوں میں ہوں گے (کیسے جائیں گے) (احادیث منتخبہ ملخصاً)

نکتہ: وزن میزان کی تین حالتیں ہیں (۱) ہر عمل کا تولا جانا (۲) ہر عمل کا تولا جانا (۳) ہر عمل کا تولا جانا جس کی تراوہ میں نیکیوں کا پلڑہ نیچے کا ہوگا۔ حوالہ ان وجوہ کو جمع کرنے کا ذکر کیا کہ ہر شخص کی (وزن نیکی کی) اقرار الگ ہوں یا عدد دیگر ہیں۔ ہر اور وزن کا عدد ہے

علمائے اہل سنت کا اس بات پر اتفاق ہے کہ میزان کا قائم کیا جانا اور اعمال کا اس میں تولا جانا حق ہے۔ خوارج معتزلہ اور شیعہ اس کا انکار کرتے ہیں اور اکثر اہل بدعت (جو خلاف عقائد رکھتے ہیں) اس کے منکر ہیں۔

(۱) میزان اور ترازو پر ایمان لانا ضروری ہے

(۲) میزان کے متعلق احادیث متواتر المعنی ہیں

(۱) تمہید: اس بحث میں حضرت عمر بن الخطاب کی روایت۔ حدیث جبریل نقل کی ہے۔ اس حدیث میں ہے کہ جبریل نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم ایمان کیا ہے؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کو اور اللہ کے فرشتوں اور رسولوں کو مانا، اور جنت، دوزخ، میزان اور مرنے کے بعد دوبارہ زندہ ہو کر اٹھائے جانے پر یقین کرنا، اور اس بات کو ماننا کہ اچھی بری تقدیر اللہ کی طرف سے (مقرر) ہے (یعنی دنیا میں جو اچھائی یا برائی ہوتی ہے اللہ کے علم کے مطابق ہوتی ہے اور پہلے سے لکھا ہوا ہے) جبریل نے کہا کہ اگر میں ایسا کروں تو کیا میں مومن ہو جاؤں گا۔ فرمایا: ہاں، جبریل نے کہا آپ نے سچ کہا۔

(۲) حاکم نے مستدرک میں، شرط مسلم حضرت سلمان کی روایت سے بیان کیا ہے اور اس کو صحیح کہا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت کے دن میزان قائم کی جائے گی (ذاتی ہوگی) کہ اگر آسمانوں اور زمین والوں کو اس کے اندر رکھا جائے تو وہ سما جائیں گے، ان سے کہا جائے گا کہ ان کو اٹھاؤ جو تم میں سب سے زیادہ عمل والا ہے، تو ایک آدمی کو سب کے سامنے لایا جائے گا اور اس کے نامۂ اعمال ستر دفتر ہوں گے۔ ہر دفتر کا طول حد نظر رسائی تک ہوگا پھر (اللہ اس سے فرمائے گا کیا اس میں سے کسی بات کا تجھے انکار ہے کیا میری طرف سے تیرے اوپر کوئی ظلم کیا گیا ہے؟ اس نے عرض کیا نہیں مالک میرے پروردگار۔ (اللہ فرمائے گا) کیا تیرے پاس کوئی عذر ہے؟ اس نے عرض کیا نہیں مالک میرے پروردگار۔ (اللہ فرمائے گا) کیوں نہیں۔ میرے پاس تیری ایک نیکی ہے تم پر آج ظلم واقع نہ ہوگا (اس نیکی کا پرزہ نکلے گا) پھر ایک پرزہ نکلے گا جس میں اشہد ان لا الہ الا اللہ و اشہد ان محمدا عبدہ و رسولہ لکھا ہوگا۔ بندہ عرض کرے گا۔ اے میرے رب ان طومارہ میں کی موجودگی میں اس کارڈ کی کیا حقیقت ہے؟ اللہ فرمائے گا تجھ پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔ چنانچہ تمام طومار ایک پلڑے میں رکھے جائیں گے اور وہ کارڈ دوسرے پلڑے میں۔ میں طومار ہلکے ہو کر اوپر اٹھ جائیں گے اور وہ کارڈ بھاری ہو جائے گا۔ کوئی چیز بھاری نہیں ہوتی اسم اللہ کے ساتھ۔ یہ حسن صحیح سند سے حضرت ابن عمر کی روایت سے اسی طرح حدیث نقل کی ہے۔

(۵) بعض نے کہا اعمال تو جسم نہ ہونے کی وجہ سے تولے نہ جائیں گے۔ حضرت ابن عباس راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے اگر آسمانوں اور زمین والوں نے اس کے اندر اور ان دونوں کے درمیان کی اور ان کے نیچے کی ساری کائنات کو اکٹھا کر کے میزان کے ایک پلڑے میں رکھ دیا جائے اور دوسرے پلڑے میں لا الہ الا اللہ کی کلمہ اس کو رکھا جائے تو لا الہ الا اللہ کی شہادت والا پلڑا جھک جائے گا (وزنی نکلے گا) واللہ اعلم۔

ابن ابی جمرہ ازدی نے بخاری کی فضیلت کے باب میں اپنی سند سے ابو ہریرہ سے نقل کیا ہے کہ قیامت کے دن آدمی کے عمل لائے جائیں گے ان کی ترازو کے ایک پلڑے میں رکھ دیئے جائیں گے تو وہ ہلکا رہے گا پھر بادلوں کی طرح ایک

چیز کا ترازو کے دوسرے پلڑے میں رکھا جائے گی ..... تو بھاری ہو جائے گی۔ پھر اس شخص سے کہا جائے گا تو جانتا ہے یہ کیا ہے؟ وہ شخص جواب دے گا نہیں (میں واقف نہیں) اپنا بچاؤ کا یہ طریقہ نیکیوں سے تو تم لوگوں کو تعلیم ہو چکا تھا۔

(۲) ابن ماجہ نے علم کی فضیلت کے بیان میں حضرت عمران بن حصین کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت کے دن علماء کی روشنائی اور شہیدوں کے خون کا موازنہ کیا جائے گا تو علماء کی روشنائی شہیدوں کے خون سے بھاری نکلے گی۔

مؤمن بندہ اور اسکے اعمال کا کافر و کفر کے اعمال سے موازنہ

میں کہتا ہوں کہ مؤمن بندہ کو حساب اس کے نیک اعمالناموں یا جمع مجموعہ اعمال کے (دونوں باتوں کا مطلب ایک ہی ہے) ایک پلڑے میں رکھا جائے گا اور دوسرے کافر بندہ کو جمع اس کے برے اعمالناموں کے یا جمع اس کے مجموعہ برے اعمال کے دوسرے پلڑے میں رکھا جائے گا تو کافر کا وزن بھاری ہو کر برے پلڑے میں چلے گا۔ اللہ کے مخلص بندے نے فرمایا فَمَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ یعنی جس کی میزان میں (اس کا) کوئی وزن ہی نہ ہوگا مؤمن کی زائد از مقدار (بھاری) نیکیوں کا وزن ہوگا تو خود اللہ تعالیٰ کی شہادت کے سبب ہی ہوا جس کے متعلق اللہ نے بطور کنایہ فرمایا فَاُولٰٓئِكَ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ

اعمال کے درجات:

مگر مؤمن سے کچھ کے درجات ہوں گے جو کبیرہ گناہوں سے بچتے رہے ہوں گے اور اللہ نے ان کے گناہ صاغرہ یعنی چھوٹے گناہوں کو معاف کر دیا ہوگا۔ ان سب نے زیادہ وہ کہ جنہوں نے کبائر اور صغائر سے توبہ کر لی ہوگی اور ان توبوں کے مکمل ہونے کے وقت بھی ہوں اور ان سے کچھ بھی ان میں جنت کے اندر داخل ہونے کی صلاحیت ہوگی انکے متعلق حضرت ابن عباس نے فرمایا کہ قیامت کے دن لوگوں کی حساب جس کی نیکیوں کی نیکیوں کا ایک پلڑا اگر کسی کی زیادہ ہوگی تو وہ جنت میں چلا جائے گا اور جس کے گناہ نیکیوں سے زیادہ ہوں گے وہ دوزخ میں چلا جائے گا یعنی گناہوں کی کثافت سے پاک صاف بنانے کے لئے اس کو آگ میں داخل کیا جائے گا جیسے لوہا آگ میں پڑ کر میل کچیل سے پاک صاف ہو جاتا ہے۔ حضرت ابن عباس نے فرمایا ایک دانگ کے وزن سے بھی میزان کا وزن بلکا بھاری ہوگا۔

جس کے گناہ اور نیکیاں برابر ہوں:

اور جن اشخاص کی نیکیاں اور بدیاں برابر ہوں گی وہ اصحاب الاعراف ہوں گے اس وقت تک اعراف میں رہیں گے جب تک غفران کے جنت میں داخلے کا حکم دیے جانے کے بعد جنت میں پہنچ جائیں گے۔

قرآن میں یا مؤمن صالح کا تذکرہ ہے یا کافر کا:

قرآن میں صرف مؤمنین صالحین کا ذکر ہے یا کافروں کا۔ گناہگار مؤمنوں کا کوئی تذکرہ نہیں اس کی وجہ شاید یہ ہو کہ نزول قرآن کے زمانہ میں سارے مؤمن صالح تھے۔ سب محبوب تھے، کبائر سے پرہیز کرنے والے تھے۔ کچھ ہوں گے توبہ کرنے والے تھے اور گناہوں سے توبہ کرنے والے کے گناہ کی حیثیت ہو جاتی ہے۔

وَمَنْ سَكَتَ عَنْ حَقِّهٖ فَقَدْ تَرَكَ حَقَّهٗ وَاقْتَطَعَ فِيْ حَقِّهٖ خُصُوْمَاتٍ اور جن لوگوں کی میزانیں ہلکی ہوں گی تو وہ ایسے ہی لوگ ہوں گے جنہوں نے اپنی جانوں کو گھاٹے میں رکھا جہنم میں ہمیشہ رہیں گے۔ یعنی جن کے بھلے اعمال بھلے ہوں گے یا جنہوں نے اپنا پلڑا بھاری کر لیا ہوگا ایسے گمان کی نیکیوں کا کوئی وزن نہ ہوگا جیسے لوگ لاتعلق فریق ہوں گے۔

ہمیشہ کی خوش نصیبی و بدنصیبی:

بزار اور بیہقی نے حضرت انس کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت کے دن آدم کے بیٹے کو لا کر میزان کے دونوں پلڑوں کے درمیان کھڑا کیا جائے گا اور ایک فرشتہ کو میزان پر مقرر کیا جائے گا جب اگر اس کی نیکیاں بھاری نکلیں تو فرشتہ غیبی آواز دے گا بس کو ساری مخلوق سننے لگی کہے گا فلاں شخص خوش نصیب ہو گیا اس کے بعد کبھی بدنصیب نہ ہوگا اور اگر اس کی نیکیاں ہلکی نکلیں تو فرشتہ غیبی آواز دے گا جس کو ساری مخلوق سننے لگی کہے گا فلاں شخص بدنصیب ہو گیا آئندہ اس کے بعد کبھی خوش نصیب نہ ہوگا۔ اس حدیث سے ظلمت سے مراد ہے بالکل وزن نہ ہونا۔

منتخب مؤمنوں کے اعمال دیوار تلیں گے:

میں کہتا ہوں شاید گناہگار مؤمنوں کے اعمال دیوار تولے جائیں گے اگر اس کی نیکیوں میں کمی نہ بڑھائیں ہوگا تو اس کو اس وقت تک کے لئے دوزخ میں داخل کر دیا جائے گا کہ وہ پاک صاف ہو جائے پھر پاک صاف ہونے کے بعد اس کے اعمال کی پھر تول کی جائے گی اس وقت اس کی میزانیں بھاری نکلیں گی تو فرشتہ غیبی کہے گا فلاں شخص خوش نصیب ہو گیا اس کے بعد کبھی بدنصیب نہ ہوگا۔ ہم نے سعت لاتعداد میں اس بحث کی کسی قدر تحقیق کر دی ہے۔

آپ اللہ جل جلالہ میں صرف کفار مراد ہیں اس کی دلیل اس سے آگے آنے والی آیت سے فرمایا ہے وَاَنْتُمْ فِيْهَا كٰلِحُوْنَ اور یہی لوگ ہوں گے جنہوں نے خود اپنا نقصان کیا اور نفس کو کامل کرنے کا جو وقت تھا وہ کھو دیا۔ (مظہری)

اِمت محمدیہ کے چہرے کو آگ نہیں جلائے گی:

تَلْفَحُ وُجُوْهَهُمُ النَّارُ جلس دے گی ان کے چہروں کو آگ۔ یعنی

ت سے پہلے آگ جلا دی جائے گی۔ (یہ ابتدائی مقامات ہیں) اور مومن کے پورے کو آگ نہیں جلائے گی۔ مسلم نے (حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ان سب کے پاس (جنت و دوزخ میں جو کچھ ہے) دونوں وقت لایا جائے گا۔ پھر ان سے کہا جائے گا کہ اب تم اپنے گھر کو لوٹ جاؤ۔ پھر جب تک اللہ چاہے گا وہیں رہیں گے۔ پھر بعث کے لیے اٹھائے جائیں گے۔

پورے جسم کا گوشت اتر جائے گا

ابن ابی حاتم نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آیت ﴿فَذُوقُوا فَلَنْ نَّزِيدَكُمْ إِلَّا عَذَابًا﴾ کے متعلق فرمایا کہ ہم نے کہا تھا کہ ہم تمہارے لیے عذاب کے سوا کسی اور چیز میں اضافہ نہیں کریں گے۔ ابن ابی حاتم نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جہنم کی طرف سب سے پہلے جس کو لے جایا جائے گا وہ آگ کی ایک پٹ ان کو کھینچے گی۔ گوشت کو جلا کر ہڈیوں کو ظاہر کر دے گی۔ پھر ان ہڈیوں پر (جہنم کا) داروغہ کوڑے مارے گا۔

شکلیں بگڑ جائیں گی

﴿وَهُمْ فِيهَا كَالِحُونَ﴾ (آگ نے ان کے اندر ان کی صورتیں بگاڑ دیں۔ ابن ابی حاتم نے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے کہ (آگ کے) کوڑے ان کے اوپر اور نیچے کے ہونٹ کو (آگ میں) ڈالتے ہیں پھر ان کو اوپر کی طرف کھینچتے ہیں۔ ابن ابی حاتم نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آیت ﴿أَلَمْ تَكُنْ آيَاتِي تُتْلَىٰ عَلَيْكُمْ﴾ کی تفسیر میں فرمایا کہ آگ ان کو جلاتی ہے یہاں تک کہ ان کی ہڈیاں ظاہر ہو جاتی ہیں۔ پھر ان کو کوڑے مارے جاتے ہیں۔ پھر ان کی کھال اور گوشت

[illegible] ہوتا ہے۔ اس لئے اللہ تعالیٰ نے ان کے لئے دگنا اجر رکھا ہے۔ اور ان کے لئے ایک باعزت رزق تیار کیا ہے۔ جس میں وہ ہمیشہ رہیں گے۔ اور اس کے ساتھ ہی ان کو یہ خوشخبری بھی سنا دی کہ ان کے لئے جنت میں بہت سی بیویاں تیار کی گئی ہیں۔ جو ہر قسم کی گندگی سے پاک ہوں گی۔ (سورۃ النساء)

لَهُمْ أَجْرُهُمْ مَرَّتَيْنِ بِمَا صَبَرُوا وَيَدْرَءُونَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ

مؤمنین کے صبر کا اجر

جو لوگ مصائب اور تکالیف پر صبر کرتے ہیں اور اچھے عمل کرتے ہیں اللہ تعالیٰ ان کو بے حساب اجر عطا فرماتا ہے۔ اور ان کے لئے جنت میں بہت سے محل تیار کئے ہیں۔ جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں۔ وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے۔ (سورۃ الزمر)

قُلْ يَا عِبَادِ الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا رَبَّكُمْ لِلَّذِينَ أَحْسَنُوا فِي هَٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةٌ وَأَرْضُ اللَّهِ وَاسِعَةٌ

دنیا کی زندگی بہت کم معلوم ہوگی

اس آیت میں جنت میں ہمیشہ رہنے کی خوشخبری سنائی گئی ہے۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ جنت میں موت نہیں ہوگی۔ اور یہ بھی ظاہر ہے کہ دنیا کی زندگی بہت کم ہے۔ اور اس کے مقابلہ میں جنت کی زندگی بہت لمبی ہوگی۔ اس لئے دنیا کی زندگی کو جنت کی زندگی کے مقابلہ میں کم بتایا گیا ہے۔ (سورۃ الرعد)

وَمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا إِلَّا مَتَاعٌ

دنیا کی زندگی قلیل کیوں معلوم ہوگی

اللہ تعالیٰ نے انسان کو دنیا میں بھیجا ہے اور اس کے لئے ایک مدت مقرر کر دی ہے۔ (۱) پہلی مدت تو ہر شخص کی وہ مدت ہے جو اس کے لئے مقدر کر دی گئی ہے۔ (۲) آخرت کی زندگی کے مقابلہ میں دنیا کی زندگی بہت کم ہے۔ (۳) پہلی زندگی کی مدت بھی اللہ تعالیٰ کے علم میں ہے۔ (۴) پہلی زندگی کی مدت بھی انسان کو بہت کم معلوم ہوتی ہے۔ اس لئے کہ جب موت آتی ہے تو انسان یہ سمجھتا ہے کہ ہم تو صرف دنیا میں ایک دن یا اس سے بھی کم رہے ہیں۔ (سورۃ المؤمنون)

قَالَ كَمْ لَبِثْتُمْ فِي الْأَرْضِ عَدَدَ سِنِينَ قَالُوا لَبِثْنَا يَوْمًا أَوْ بَعْضَ يَوْمٍ فَاسْأَلِ الْعَادِّينَ

دنیا کی زندگی بہت کم معلوم ہوگی

اس آیت میں بھی یہی بتایا گیا ہے کہ دنیا کی زندگی کو بہت کم سمجھیں گے۔ اس کی ایک وجہ تو یہ ہے کہ جب موت آتی ہے تو انسان یہ سمجھتا ہے کہ ہم تو صرف دنیا میں ایک دن یا اس سے بھی کم رہے ہیں۔ (سورۃ المؤمنون)

قَالَ كَمْ لَبِثْتُمْ فِي الْأَرْضِ عَدَدَ سِنِينَ قَالُوا لَبِثْنَا يَوْمًا أَوْ بَعْضَ يَوْمٍ فَاسْأَلِ الْعَادِّينَ

دنیا کی زندگی قلیل کیوں معلوم ہوگی

اللہ تعالیٰ نے انسان کو دنیا میں بھیجا ہے اور اس کے لئے ایک مدت مقرر کر دی ہے۔ (۱) پہلی مدت تو ہر شخص کی وہ مدت ہے جو اس کے لئے مقدر کر دی گئی ہے۔ (۲) آخرت کی زندگی کے مقابلہ میں دنیا کی زندگی بہت کم ہے۔ (۳) پہلی زندگی کی مدت بھی اللہ تعالیٰ کے علم میں ہے۔ (۴) پہلی زندگی کی مدت بھی انسان کو بہت کم معلوم ہوتی ہے۔ اس لئے کہ جب موت آتی ہے تو انسان یہ سمجھتا ہے کہ ہم تو صرف دنیا میں ایک دن یا اس سے بھی کم رہے ہیں۔ (سورۃ المؤمنون)

قُلْ إِنْ لَبِثْتُمْ إِلَّا قَلِيلًا لَوْ أَنَّكُمْ كُنْتُمْ تَعْلَمُونَ

کاش کہ دنیا میں کچھ جانتے

جب موت آتی ہے تو انسان یہ سمجھتا ہے کہ ہم تو صرف دنیا میں ایک دن یا اس سے بھی کم رہے ہیں۔ اس لئے کہ جب موت آتی ہے تو انسان یہ سمجھتا ہے کہ ہم تو صرف دنیا میں ایک دن یا اس سے بھی کم رہے ہیں۔ (سورۃ المؤمنون)

أَفَحَسِبْتُمْ أَنَّمَا خَلَقْنَاكُمْ عَبَثًا وَأَنَّكُمْ إِلَيْنَا لَا تُرْجَعُونَ

تمہیں بیکار نہیں بنایا

تمہیں بیکار نہیں بنایا گیا ہے۔ (۱) تمہیں اس لئے پیدا کیا گیا ہے کہ تم اللہ کی عبادت کرو۔ (۲) تمہیں اس لئے پیدا کیا گیا ہے کہ تم اللہ کی مخلوق کی خدمت کرو۔ (۳) تمہیں اس لئے پیدا کیا گیا ہے کہ تم اللہ کی مخلوق کی خدمت کرو۔ (سورۃ المؤمنون)

فَتَعَالَى اللَّهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيمِ

اللہ تعالیٰ فاداروں کو یونہی نہیں چھوڑے گا

جب موت آتی ہے تو انسان یہ سمجھتا ہے کہ ہم تو صرف دنیا میں ایک دن یا اس سے بھی کم رہے ہیں۔ اس لئے کہ جب موت آتی ہے تو انسان یہ سمجھتا ہے کہ ہم تو صرف دنیا میں ایک دن یا اس سے بھی کم رہے ہیں۔ (سورۃ المؤمنون)

اور بچوں اور بیوی کی بے چارگی کی حالت میں چھوڑ دے۔ (تفہیم)

خَلَقَ الْخَلْقَ: تخلیق کا مطلب۔ ارشاد ہوا ہے کہ تمام مخلوقات کا خالق (اور جس کی حکومت دائمی ہے) وہی خدا ہے۔ باقی سب خدا بالکل نہیں ٹھہرتے ہیں۔ (یہ کہ نہیں ٹھہرتے ہیں) اس کی وضاحت (اور تشریح) یا تحویل سے لئے جب اللہ ہی واحد خالق ہے تو پھر اس کے سوا کوئی اور کیسے معبود بن سکتا ہے۔

تَعْرُجُ الْمَلٰٓئِكَةُ عروج ملائکہ۔ اللہ کی بارگاہ تک ملائکہ کے خصوصی طور پر نازل ہونے کی جگہ ہیں (یہ کہنے کا کیا مطلب ہے) (تفہیم قرآنی)

وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ لَا بُرْهَانَ

اور جو کوئی پکارے اللہ کے ساتھ دوسرا معبود جس کی اس کے پاس کوئی سند نہیں

لَهٗ بِهٖ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ

اس کے پاس اس کا حساب ہے اس کے رب کے

(اس کے پاس حساب ہوگا) (تفہیم)

اللہ کے سوا دوسرے کی عبادت باطل ہے:

پکارنے سے مراد ہے عبادت کرنا۔ یہ اس لئے فرمایا ہے کہ اللہ کے سوا دوسرے کی عبادت باطل ہے اور باطل کی کوئی دلیل کبھی پیش نہیں کی جا سکتی۔ (یہ وہی صفت ہے تو محض دعویٰ ہی دعویٰ ہے) اس لئے اگر کوئی شخص کسی کو خدا (معبود) مانتا ہے تو اس کا یہ عقیدہ بالکل غلط ہے اور اس کی کوئی دلیل اس کے پاس نہیں ہے (تفہیم) (اس کے پاس اس کی کوئی دلیل نہیں ہے) (تفہیم قرآنی) (اس کے خلاف دلیل موجود ہے۔ (تفہیم)

حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ کا آخری خطبہ:

ابو ایوب سلیمان حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے آخری خطبے میں اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کے بعد فرمایا کہ لوگو! تم کو ایک دارِ عبرت بنا کر نہیں بھیجا گیا بلکہ تم کو ایک دارِ عمل بنا کر بھیجا گیا ہے۔ (جس میں تم کو عمل کرنا ہے) اور تم سے پہلے لوگوں کی طرح تم کو بھی ایک دن اس دنیا سے رخصت ہونا ہے۔ (اور اس دنیا کو چھوڑنا ہے) تم سے پہلے لوگ جو کچھ چھوڑ کر گئے ہیں اس میں سے کچھ بھی تم اپنے ساتھ نہیں لے جا سکتے۔ (تم بھی اپنا سب کچھ یہیں چھوڑ کر جاؤ گے) تم سے پہلے لوگ جس قبر میں گئے ہیں تم بھی اسی قبر میں جاؤ گے۔ (تم بھی اسی قبر میں جاؤ گے) تم سے پہلے لوگ جس مٹی میں ملے ہیں تم بھی اسی مٹی میں ملو گے۔ (تم بھی اسی مٹی میں ملو گے) تم سے پہلے لوگ جس مٹی سے پیدا کئے گئے تھے تم بھی اسی مٹی سے پیدا کئے گئے ہو۔ (تم بھی اسی مٹی سے پیدا کئے گئے ہو) تم سے پہلے لوگ جس طرح اس دنیا سے رخصت ہوئے ہیں تم بھی اسی طرح اس دنیا سے رخصت ہو جاؤ گے۔ (تم بھی اسی طرح اس دنیا سے رخصت ہو جاؤ گے

دعائے مغفرت

جس ہماری تقصیرات سے درگذر فرما اور اپنی رحمت سے دنیا و آخرت میں سرفراز فرما۔ تیری رحمت بے نہایت کے سامنے کوئی چیز مشکل نہیں۔

آخری آیات کا ورد رکھنا چاہئے:

قَدْ اَفْلَحَ سے ختم سورۃ تک کی آیتیں بہت بڑی فضیلت اور تاثیر رکھتی ہیں۔ جس کا ثبوت بعض احادیث سے ہوتا ہے اور مشائخ نے تجربہ کیا ہے۔ جانے کے لئے آیت کا ورد، تعاقب، خاتمہ پر ورد، جاتے جاتے خدا کا فضل کرتا ہوں جو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر صدیق کو تلقین فرمائی کہ تم اس کے الفاظ ان آیات کے مناسب ہیں اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ ظُلْمًا کَثِیْرًا وَّ اِنَّہٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ فَاغْفِرْ لِیْ مَغْفِرَۃً مِّنْ عِنْدِکَ وَارْحَمْنِیْ اِنَّکَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ

ثم سورۃ المؤمنون فضلہ اللہ وحسن توفیقہ بمرحومہ نون یتیہ الظواہر۔

(منہ جل)

وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَیْرُ الرّٰحِمِیْنَ اور آپ کہا کریں اے میرے رب (میری خطائیں) معاف کر دے اور (میرے حال پر) رحم فرما تو سب سے بہتر رحم کرنے والا ہے۔ یعنی اے اللہ تو میری تمام خطاؤں کو معاف فرما دے (خطاؤں کی معافی کا نتیجہ یہ ہوگا کہ ہر تکلیف دہ امر، ہر ملال چیز سے حفاظت ہو جائے گی) اور مجھ پر رحم فرما (ہر طریق سے تم کرنے کا نتیجہ یہ ہوگا کہ اللہ ہر فائدہ مکمل چیز عنایت فرمائیگا مغفرت کا دنیوی نتیجہ دفع مضرت ہے اور رحمت کا اخروی نتیجہ حصول منفعت)۔

ختم سورۃ و آغاز سورۃ کا ربط: شروع سورت میں اہل ایمان کے لئے فلاح دارین کی بشارت تھی اور اخیر سورت میں کافروں سے ظالموں کی نفی کی۔

نبی اور امت کی دعا ہے کہ اے ہمارے آپ اور آپ کے تبعین بھیشہ یہ

دعا مانگا کریں۔ اور یہ دعا ہمارے حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر اور ہر نبی خاص رحمت قرب حق اہم کو اقبال صادق کی توفیق عطا فرما۔ اور ایمان پر خاتمہ رکھ اور قرب رحمت رکھنے والوں۔ میں محشور رکھ کرنے والا ہے۔ کہ تیری رحمت کے بغیر کسی کی رحمت کی حیثیت نہیں رکھتی۔

مضمون کو تعلیم ہے کہ میں ہر نماز کے بعد یہ دعا مانگا کریں۔ میں نے استغفار بھی فلاح کا ذریعہ ہے اگر قبول صالح میں کوتاہی ہو تو استغفار سے پورا کرے۔ کما قال اللہ تعالیٰ اِنَّ الْحَسَنٰتِ یُذْھِبْنَ السَّیِّاٰتِ وَمَنْ یَّعْمَلْ سُوْٓءًا یَّجْزَ بِہٖ وَلَا یَجِدْ لَہٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ وَلِیًّا وَّلَا نَصِیْرًا۔

مجاہدین کا ورد: قَدْ اَفْلَحَ سے لے کر ختم سورت تک یہ آیتیں بڑی فضیلت رکھتی ہیں۔ ایک حدیث میں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمارے سے ایک لشکر پر (چھوٹا لشکر) اور قریب اور بڑے لشکر پر بھیجا تو یہ آیتیں پڑھ کر دیں اِنَّ الَّذِیْنَ ھُمْ مِّنْ خَشْیَۃِ رَبِّھِمْ مُّشْفِقُوْنَ

میں کہتا ہوں کہ ہم نے حسب الارشاد یہ آیتیں پڑھیں تو ہم کو ہر مہم میں نصرت نے گھیر لیا۔ اخرجہ ابو الشیخ وابن مردویہ ابو نعیم فی الحلیۃ عن انس وابن عساکر عن ابن مسعود۔ (روح المعانی ص ۱۵۰ ج ۱۸)

پہاڑ اپنی جگہ سے ہٹ جائے:

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو ایک مصیبت زدہ شخص پر گزرا جس کے کان میں تکلیف تھی۔ عبداللہ بن مسعود نے قَدْ اَفْلَحَ سے آخر سورت تک آیتیں پڑھ کر اس کے کان میں دم کیں تو اچھا ہو گیا۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو جب اس کا علم ہوا تو فرمایا کہ قسم ہے اس ذات پاک کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے اگر یقین سے مومن کو پہاڑ پر پڑھے تو وہ اپنی جگہ سے ہٹ جائے۔ اخرجہ الحکیم و الترمذی وابن السنی وابو نعیم فی الحلیۃ و المحبوب عن ابن مسعود۔ (روح المعانی ص ۱۵۰ ج ۱۸ سورۃ المؤمنون)

الحمد للہ سورۃ المؤمنون ختم ہوئی

سورۃ النور

اس سے آگے اس سورت کی آیات ۱ تا ۱۰ کی تفسیر ہے جو ان لوگوں میں سے ہوگا جو اللہ کو بالغیب (یعنی بن دیکھے) ڈرتے ہیں اور اللہ کے لئے ایک بڑا اجر ہوگا۔ (۱۲ از مرتب)

[illegible] (۱ تا ۱۰ از مرتب)

سُوْرَةٌ اَنْزَلْنٰهَا وَفَرَضْنٰهَا وَاَنْزَلْنَا فِيْهَا اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ لَّعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ

(سورت ہے جسے ہم نے نازل کیا اور اس کے احکام فرض کئے اور اس میں واضح آیتیں اتاریں تاکہ تم یاد رکھو)

سورۃ نور کے مضامین:

یہ سورۃ بعض نہایت اہم قانونی احکام و حدود (حلال و حرام) اور اخلاق و آداب اور بعض نہایت اہم اصلاحات پر مشتمل ہے جن کی سب سے زیادہ ضرورت اس وقت محسوس ہوئی جب مسلمانوں کی ایک جماعت اسلامی ریاست کی بنیاد رکھ چکی تھی۔ اس سورت کے بیشتر مضامین کا تعلق غزوۂ بنی المصطلق سے ہے جس میں حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا پر منافقین نے جو بھیانک تہمت لگائی تھی اس میں بعض بلند پایہ مخلص مسلمانوں نے بھی اپنے اجتہاد کے بھی قدرے غلط رخ اختیار کر لئے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے اس کا ٹھیک ٹھیک فیصلہ حضرت عائشہ صدیقہ کی پوری پوزیشن پر چھا دیا۔ علاوہ ایں منافقین کے خود ساختہ معیار کی بنا پر جو سزا ان کے لئے تجویز کی گئی تھی اس کی حیثیت سے خود بخود ایک معیار قائم ہو گیا۔ اس کے بعد جو واقعات پیش آئے ان کے لئے بھی یہ واقعہ ایک معیار بن گیا۔ اس سورت میں ان تمام امور کے متعلق ہدایات دی گئی ہیں۔ اور یہ بھی واضح کر دیا گیا ہے کہ ان کے متعلق کیا رویہ اختیار کرنا چاہئے۔ اس سورت کے نازل ہونے کے بعد مسلمانوں کی ایک جماعت کو ان کے فرائض سے آگاہ کرنے کے لئے اس کی تعلیم دی گئی۔ اور اس کے بعد ان کی ذمہ داری اور بڑھ گئی۔ اس لئے اس سورت میں ان کی ذمہ داری کے بارے میں بھی بیان فرمایا گیا ہے۔ (۱۲ از مرتب)

حضرت مریم علیہا السلام اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی عفت پر ایمان لانا فرض ہے

جس طرح حضرت مریم صدیقہ کی عفت و عصمت پر ایمان لانا فرض ہے اور جس نے شک کیا وہ کافر ہے اسی طرح ماں صدیقہ حضرت صدیقہ کی عفت و عصمت پر ایمان لانا فرض ہے جو عائشہ صدیقہ کی عصمت اور عفت میں شک کرے وہ کافر ہے۔ اللہ نے ہر دو کی عفت و عصمت کی قرآن سے شہادت دی ہے اور فرض قرآن کا انکار کفر ہے۔ (۱۲ از مرتب)

الزَّانِيَةُ وَالزَّانِيْ فَاجْلِدُوْا كُلَّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا

(بدکار عورت اور بدکار مرد ان دونوں میں سے ہر ایک کو)

مِّائَةَ جَلْدَةٍ

(سو کوڑے)

زانی کی سزا یہ جو اس نے بیان فرمائی اور غیر شادی شدہ زانی و زانیہ کے لئے سو کوڑے مقرر فرمائے۔ اس کے بعد محصنین کی سزا رجم کی مقرر فرمائی۔ اس کی تفصیل ہم نے اپنی کتاب "نظام القرآن" میں کر دی ہے۔ (۱۲ از مرتب)

اسکے بچوں نے سے لگتے ہیں۔ اس کا فکر پانچوں پارہ کے اس رکوع کے شروع میں ہے۔ اس کے بعد اس کا فصل بیان ہے اور اس کے بعد اس کا فصل بیان ہے۔ اس کے بعد اس کا فصل بیان ہے۔ اس کے بعد اس کا فصل بیان ہے۔

انکو سزا دیں کیونکہ ان کی سزا کی تکرار کرتی ہے اس لئے آیت میں زانیہ کا لفظ زانی کے لفظ سے پہلے ذکر کیا اور چونکہ کی اصلاح عام طور پر عورتوں سے ہی ہوتا ہے اس لئے آیت سرقہ میں السّارق کا لفظ السّارقۃ سے پہلے کیا۔

مسئلہ: ملائے صبیہ اسلامیہ کا اتفاق ہے کہ اگر زانی اور زانیہ آزاد، عاقل، بالغ اور تندرست ہوں تو ہر ایک کے سو کوڑے مارے جائیں اس آیت میں یہی حکم دیا گیا ہے۔ اس سے زیادہ اور کوئی سزا امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک نہیں ملی جا سکتی۔

حضرت زید بن خالد کا بیان ہے میں نے خود سنا کہ آنحضرت ﷺ نے زانی کے متعلق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرما رہے تھے، سو کوڑے مارنا اور ایک سال کی جلاوطنی (دوا ابوداؤد)۔

صحیحین میں حضرت زید بن خالد اور حضرت ابوہریرہؓ کی روایت سے آیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں دو شخصوں نے اپنا مقدمہ پیش کیا ایک نے کہا کتاب اللہ کے مطابق ہمارے درمیان فیصلہ کر دیجئے اور مجھے کچھ بولنے کی اجازت دیجئے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بیان کرو۔ اس شخص نے کہا میرا بیٹا اس شخص کے پاس مزدور تھا۔ میرے بیٹے نے اس کی بیوی سے زنا کیا لوگوں نے مجھ سے کہا کہ تیرے بیٹے کو سنگسار کی سزا دی جائے گی میں نے سزا سے بچانے کے لئے سو بکریاں اور ایک باندی دیکر معافی چاہی۔ پھر علماء سے دریافت کیا تو انہوں نے کہا تیرے بیٹے کو سو کوڑے مارے جائیں گے اور ایک سال کے لئے شہر بدر کیا جائے گا اور اس عورت کو سنگسار کیا جائے گا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بیان سننے کے بعد فرمایا قسم ہے اس کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے میں تم دونوں کا فیصلہ کتاب اللہ کے موافق کروں گا، تیری بکریاں اور باندی تو واپس کی جائیں گی اور تیرے بیٹے کو سو کوڑے مارے جائیں گے اور ایک سال کے لئے شہر بدر کیا جائے گا اور (حضرت انیس کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا) اُنیس! کھڑے ہو اور میرے پاس اس شخص کی عورت کو لے کر آؤ۔ اگر وہ اقرار کرے تو اس کو سنگسار کر دے۔ چنانچہ اس عورت نے اقرار کر لیا، اس پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سنگسار کرا دیا۔

امام مالک اور امام شافعیؒ کا مسلک:

امام مالک نے شہر بدر کرنے کا حکم صرف مردوں کے لئے خاص قرار دیا ہے، اور عورتوں کے لئے شہر بدر کرنے کی اجازت نہیں دی۔ اور امام شافعی نے محرم کے ہمراہ ہونے کی شرط لگائی ہے۔

علماء نے لکھا ہے کہ جب عورتوں کے لئے تنہا سفر کرنے کی وجہ سے شہر بدر کرنے کا حکم نہیں کے لئے باقی نہیں رہا تو مردوں کو شہر بدر کرنے کی بھی یہی وجہ باقی نہ رہی۔

جلاوطنی حدِ زنا کا حصہ نہیں ہے:

علماء نے لکھا ہے کہ حدِ زنا میں تغریب (جلاوطنی) داخل نہیں اس کا ثبوت حضرت ابوہریرہؓ کی حدیث سے ہوتا ہے۔ حضرت ابوہریرہؓ کا بیان ہے میں نے خود سنا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرما رہے تھے اگر تم میں سے کسی کی باندی زنا کرے اور فعل زنا ثابت ہو جائے تو اس کو چاہئے کہ اس کو حد لگائے اور زائد سزا نہ دے پھر اگر دوبارہ زنا کرے تو پھر حد لگائے (صحیحین)۔

ابھی ہم نے لکھا ہے کہ کوئی حدیث ایسی نہیں کہ جس سے حتمی طور پر واجب کا درجہ ظاہر ہوتا ہو کہ اس کے ذریعہ سے ہم کو یہ طریق حد (قتل، رجم) واجب قرار دے سکیں۔ ہاں اقامت حد (یعنی سزا دینے) کے بعد (مگر حاکم وقت کی مصلحت عامہ کا تقاضا ہو تو) اور شہر بدر بھی کرے تو اس کو بھی ناجائز نہیں کہا جا سکتا۔ عبدالرزاق نے زہری کی روایت سے سعید المسیب کا بیان نقل کیا ہے کہ حضرت عمرؓ نے شراب خوری کی سزا میں ربیعہ بن امیہ کو جلاوطن کر کے خیبر بھیج دیا، یہ بھاگ کر ہرقل سے جا ملا، تو اس نے عیسائی ہو گیا۔ حضرت عمرؓ کو جب یہ اطلاع ملی تو فرمایا آئندہ میں کسی مسلمان کو جلاوطنی کی سزا نہیں دوں گا۔

حدّ کے علاوہ جلاوطنی حاکم کا صوابدیدی عمل ہے:

اگر حاکم وقت مصلحت سمجھے کہ سزا دینا جائز ہے کے ساتھ ساتھ شہر بدر بھی کر سکتا ہے بمصلحت حاکم شہر بدر کرنا جائز ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث نفی (یعنی مرد کو اور حضرت عمرؓ کو حضرت عثمان کے پہلے عہد خلافت میں آتے ہیں ان سب کا مذہب یہی ہے (کہ حاکم کو یہ اختیار تعزیری ہے اگر وہ چاہے تو جلاوطن بھی کرا دے) شہر بدر کرنے کا جواز صرف زنا کی صورت میں ہی نہیں ہے بلکہ حاکم اگر مصلحت سمجھے تو ہر جنحہ کو جلاوطن کر سکتا ہے۔

طحاوی نے حضرت عمرو بن شعیب کی روایت سے بیان کیا ہے کہ ایک شخص نے اپنے غلام کو قتل کر دیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے سو کوڑے لگوائے پھر اس کو ایک سال کے لئے شہر بدر کر دیا اور (اس کا حصہ) مسلمانوں کی غنیمت سے خارج کر دیا اور ایک برہ (دُنبہ) کا دلوانے کا حکم دیا۔

سعید بن منصور راوی ہیں کہ ایک شخص نے رمضان میں شراب پی تھی حضرت عمرؓ نے اس کو سو کوڑے لگوائے اور جلاوطن کر کے شام کی طرف بھیج دیا۔ خطابی نے اس روایت کے ایک حصہ کو بطور تعلیق بیان کیا ہے۔ بخاری نے احادیث میں اتنا زائد بیان کیا ہے کہ حضرت عمرؓ جب کسی شخص کو جلاوطن کرتے تھے تو اس کو شام کی طرف بھیج دیتے تھے کیونکہ اس زمانہ میں آبادی کا بڑا حصہ رومی کی طرف جلاوطن کر کے بھیج دیتے تھے۔ عبدالرزاق نے بوساطت معمر از ایوب از نافع بیان کیا کہ حضرت عمرؓ نے فرات کی طرف (ایک شخص کو) شہر بدر کر کے بھیج دیا۔

ترکِ معصیت اور ترکِ کیلئے ہجرت:

مشائخ کرام اسی لئے اگر کسی مرید کے اندر نفسانیت محسوس کرتے تو اس کو (کچھ مدت کے لئے) ترکِ وطن کا حکم دیدیتے تھے تاکہ اس کی

نماز پڑھنے کا طریقہ سکھانے جائے اور اس میں نرمی اختیار کرے۔

میں کہتا ہوں اگر کسی مسلمان کو کوئی حاکم بتانا تعصب دیکھے اور اس مسلمان اور اپنے بیچ میں رکاوٹ بھی ہو اور وہ اپنے تعصب پر ڈٹا رہے تو اس کو سزا دینے اور روکنے کا (یعنی حکومت کے لئے) بھی حکم ہے لیکن یہ حکم اپنے تعصب پر شرمندہ اور پشیمان نہ ہونے کی سزا دینے کے لئے ہے جب تک تو یہ نہ کرے ساری زمین سے اس کو نشان مٹا دیا جائے۔ ساری زمین سے نکال دینے کا مطلب یہ ہے کہ اس کو قید کر دیا جائے۔ واللہ اعلم۔

سنگسار کرنا احادیث متواترہ سے ثابت ہے:

جس کو چاہتا ہے سیدھی راہ پر چلاتا ہے۔

واضح نشانیاں موجود ہیں:

یعنی آیات کو بھیج دینے سے کسی قدر واضح ہیں کہ انسان (اگر ضد اور ہٹ دھرمی سے کام نہ لے) تو ان کو دیکھ کر حق کو پہچان سکتا ہے اور اللہ تعالیٰ سے ہدایت طلب کر سکتا ہے۔ اللہ تعالیٰ جس کو چاہتا ہے ان کو دیکھ کر ہدایت دیتا ہے۔

وَيَقُوْلُوْنَ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَبِالرَّسُوْلِ وَاَطَعْنَا ثُمَّ يَتَوَلّٰى

اور کہتے ہیں کہ ہم اللہ اور رسول پر ایمان لائے اور ہم نے حکم مانا پھر

فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ ۭ وَمَآ اُولٰۗىِٕكَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ

ان میں سے ایک فریق اس کے بعد پھر جاتا ہے اور یہ ایمان والے نہیں ہیں۔

منافقین کا وطیرہ:

یہ منافقین کا ذکر ہے۔ وہ زبان سے تو کہتے تھے کہ ہم ایمان لائے اور حکم مانا، لیکن جب کسی کا فائدہ آتا دیکھتے یا نقصان ہوتا دیکھتے تو پھر جاتے۔ حقیقت یہ ہے کہ ان لوگوں میں شروع سے ایمان و اطاعت کا جوہر نہ تھا جو کچھ زبان سے کہتے تھے، وہ بھی خوف و نفاق کی وجہ سے۔ اس لئے جس کا اصل کام ہی نہ ہو، اس کا ختم ہو جانا کیا تعجب ہے۔

آئندہ آیت کا شان نزول

ابن ابی حاتم نے حسن بصری کی مرسل روایت بیان کی ہے کہ بعض منافقین نے آپس میں کہا کہ دیکھو محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کا کس سے فیصلہ طلب کرنا مقصود ہے۔ اگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے فیصلہ کرانا ہے تو ان کی نبوت کی دلیل کیا ہے؟ اور اگر ان کو نبی مان لیا ہے تو پھر ان کے فیصلہ کو نہ ماننے کی وجہ کیا ہے؟ اور اس کو جانے دو۔ یقین ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے خلاف فیصلہ کریں گے تو وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فیصلہ کو نہ ماننے کی وجہ سے کافر ہو جائے گا اور مقدمہ پیش کرنے پر راضی ہو جائے گا تو ہمارا مقصد پورا ہو جائے گا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جب مقدمہ پیش ہوا تو آپ نے فیصلہ کر دیا۔ اس پر منافقین نے کہا کہ ہم محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس نہیں جائیں گے بلکہ کعب بن اشرف یہودی کے پاس جائیں گے۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ (ابن کثیر)

وَاِذَا دُعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ

اور جب ان کو اللہ اور رسول کی طرف بلایا جاتا ہے تاکہ رسول ان میں فیصلہ کر دے

اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ۔ وَاِنْ يَّكُنْ لَّهُمُ

تو ان میں سے ایک فریق منہ پھیر لیتا ہے۔ اور اگر ان کا

الْحَقُّ يَاْتُوْٓا اِلَيْهِ مُذْعِنِيْنَ

حق ہو تو اس کی طرف فرمانبردار بن کر آتے ہیں۔

یعنی اگر ان کا مقدمہ کسی سے ہو گا اور سمجھتے ہیں کہ حق ہمارا ہی ہے تو ہمارے حق میں فیصلہ کرانے

وقت کہ دوسرا فریق اپنا کیس اللہ اور اس کے رسول کی عدالت میں پیش کرنے کے لیے تیار ہو۔ اس معاملہ کے مراحل پر غور کرنے سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ یہ وہ وقت تھا جب منافقین کی اصلی حالت کھل کر سامنے آ جاتی تھی۔ جب تک فیصلہ ان کے اپنے حق میں ہوتا تھا وہ بڑے شوق سے آتے تھے۔ لیکن جب فیصلہ کا رخ اپنے خلاف دیکھتے تھے تو صاف کترا جاتے تھے۔ اس سے بڑھ کر ان کے نفاق کا اور کیا ثبوت ہو سکتا تھا کہ جس فیصلہ کو ماننے کے لیے وہ اپنے آپ کو تیار پاتے تھے اس کے متعلق یہ گمان کرتے تھے کہ وہ ان کے خلاف ہو گا اور جس فیصلہ کو اپنے خلاف دیکھتے تھے اس کے متعلق یہ سمجھتے تھے کہ وہ ان کے حق میں ہو گا۔ اسی لیے ان کا رویہ ہمیشہ یہ رہا کہ جس مقدمہ میں ان کا حق مارا جا رہا ہو اس میں تو وہ بلا تامل دوڑے چلے آتے تھے، اور جس میں دوسرے کا حق مارا جا رہا ہو اس میں یہ بھی نہ سوچتے تھے کہ ہمارا اپنا حق بھی اس کے ساتھ وابستہ ہے۔ اسی بنا پر ان کے متعلق فرمایا گیا کہ ان کے دلوں کا روگ ان کا نفاق نہیں ہے بلکہ ان کا شک ہے۔ یہ اللہ اور رسول کی صداقت پر شک نہیں ہے بلکہ اس بات پر شک ہے کہ اللہ اور رسول ان کے ساتھ انصاف کریں گے یا نہیں۔

اَمْ فِیْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٍ

یا ان کے دلوں کی بیماری ہے

دل کا روگ یہ ہے کہ آدمی کے اندر اللہ اور رسول کی طرف سے بدگمانی پائی جائے۔ اس کا علاج یہ ہے کہ آدمی اللہ اور رسول کی طرف سے اپنا بدگمان دل بدلے اور اس کے اندر یہ یقین پیدا ہو کہ اللہ اور رسول کے ساتھ انصاف کا معاملہ کیا جائے گا۔

اَمِ ارْتَابُوْٓا اَمْ یَخَافُوْنَ اَنْ یَّحِیْفَ اللّٰهُ عَلَیْهِمْ وَرَسُوْلُهٗ ؕ بَلْ اُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ

یا وہ شک میں مبتلا ہیں یا یہ خوف کہ اللہ اور اس کا رسول ان پر ظلم کریں گے؟ نہیں، بلکہ یہ خود ظالم ہیں

منافق غلط شک میں مبتلا ہیں۔

لفظ ریب اور رسول کی نسبت بولی جائے تو اس کا مطلب صرف شک نہیں ہوتا بلکہ اس کے ساتھ بدگمانی کا مفہوم بھی شامل ہوتا ہے۔ اس لیے ارتیاب کے ساتھ خوف کا لفظ بڑھایا گیا ہے۔ یعنی یہ لوگ اس وجہ سے نہیں آتے کہ ان کو اللہ اور رسول کی صداقت میں کوئی شک لاحق ہے، بلکہ اس وجہ سے آتے ہیں کہ ان کو اللہ اور رسول کی طرف سے یہ خوف لاحق ہے کہ وہ ان کے ساتھ ناانصافی کریں گے۔ اس کے بعد ان کے اس طرز عمل کی تین مختلف حالتوں میں الگ الگ تصویر کھینچی گئی ہے۔ پہلی حالت میں ان کا رویہ اس وقت بیان کیا گیا ہے جب ان کے سامنے کوئی ایسا معاملہ پیش ہوتا ہے جس میں ان کو یقین ہوتا ہے کہ فیصلہ ان کے حق میں ہو گا۔ دوسری حالت میں ان کا رویہ اس وقت بیان کیا گیا ہے جب ان کے سامنے کوئی ایسا معاملہ پیش ہوتا ہے جس میں ان کو یقین ہوتا ہے کہ فیصلہ ان کے خلاف ہو گا۔ تیسری حالت میں ان کا رویہ اس وقت بیان کیا گیا ہے جب ان کے سامنے کوئی ایسا معاملہ پیش ہوتا ہے جس میں ان کو یہ اندیشہ ہوتا ہے کہ فیصلہ ان کے خلاف ہو گا۔ ان تینوں حالتوں کی تصویر کھینچ کر اللہ تعالیٰ نے خود ان کے اپنے دل کی گواہی سے ان کا جھوٹا ہونا ثابت فرمایا ہے۔

اِنَّمَا كَانَ قَوْلَ الْمُؤْمِنِیْنَ اِذَا دُعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ

ایمان والوں کی بات تو یہی ہوتی ہے کہ جب ان کو اللہ

وَیَقُوْلُوْنَ سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ؕ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ

اور کہتے ہیں کہ ہم نے سنا اور اطاعت کی وہی فلاح پانے والے ہیں

سچے مسلمان کا کام بتایا ہے اس کا یہ رویہ بتایا ہے اور یہ بتایا ہے کہ جب اس معاملہ میں ان کو خدا اور رسول کی طرف بلایا جائے خواہ اس میں خود ان کا نفع ہو یا نقصان، ایسے صاف کام کی توفیق نہیں ملتی۔ لفظ المؤمنون معہود ہونے کی وجہ سے ترجمہ کرنے کے لیے تیار ہو جاتا ہے۔ اس میں ان کی اصلی تعریف اور حقیقی فارق کا ذکر مقصود ہے۔ یعنی

وَمَنْ یُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَیَخْشَ اللّٰهَ وَیَتَّقْهِ

اور جو اللہ کی اطاعت کرے اور اللہ سے ڈرے اور اس کی نافرمانی سے بچے

فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ

وہی کامیاب ہونے والے ہیں

کامیاب کون ہو گا؟ اس کی تعریف ہوئی اس فرد کی جو اللہ کی اطاعت کرے اور اس کی نافرمانی سے بچے۔ اس کی تعریف ہوئی اس گروہ کی جو اللہ کی اطاعت کرے اور اس کی نافرمانی سے بچے۔ اس کی تعریف ہوئی اس قوم کی جو اللہ کی اطاعت کرے اور اس کی نافرمانی سے بچے۔

روکی گئی کسان کا نقیب واقعہ: تفسیر فی ظلال میں اس جگہ ایک واقعہ حضرت فاروق اعظمؓ کا نقل کیا گیا ہے جس سے ان چالاک لوگوں کے مغالطہ کی اور اضافت ہوتی ہے جو یہ چاہتے ہیں کہ حضرت فاروق اعظمؓ ایسے سادہ لوح حکمران ہوتے جو ہر کچہری میں ہر مقدمہ کے فریق کی یہ دہائی سن کر کہ "میرا فیصلہ اللہ و رسول اللہ کی طرف سے کیجیے" فوراً اس کے حق میں فیصلہ صادر فرما دیتے۔ حضرت فاروقؓ کے پاس ایک مقدمہ پیش ہوا جس میں ایک مسلمان نے ایک یہودی پر دعویٰ کیا تھا۔ یہودی نے کہا کہ میرا مقدمہ تو میرے مذہبی پیشوا کے پاس چل رہا ہے۔ مسلمان نے کہا کہ اچھا ہم وہیں چلتے ہیں۔ وہ دونوں یہودی کے پیشوا کے پاس گئے۔ اس نے کہا کہ ہم تو محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کے پاس جائیں گے۔ وہ دونوں مدینہ آئے۔ یہودی نے کہا کہ ہم تو اس لیے آئے تھے کہ آپ ہمارے پیشوا کے پاس چل کر فیصلہ کریں۔ مسلمان نے کہا کہ میں تو آپ ہی کے پاس آیا تھا۔ یہودی نے کہا کہ اچھا پھر ہمارے ساتھ چلیے۔ حضرت فاروقؓ گھر میں گئے اور تلوار لا کر یہودی کا سر قلم کر دیا اور کہا کہ میں نے تو یہ سمجھا تھا کہ تو اللہ و رسول کا فیصلہ ماننے کے لیے آیا ہے، مگر تو اپنے مذہبی پیشوا کا فیصلہ ماننے آیا ہے۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ (ابن جریر، ابن ابی حاتم، ابن مردویہ، ابن عساکر)

وَیَقُوْلُوْنَ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَبِالرَّسُوْلِ وَاَطَعْنَا ثُمَّ یَتَوَلّٰى فَرِیْقٌ مِّنْهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ ؕ وَمَاۤ اُولٰٓئِكَ بِالْمُؤْمِنِیْنَ

اور کہتے ہیں کہ ہم ایمان لائے اللہ پر اور رسول پر اور ہم نے اطاعت قبول کی، پھر اس کے بعد ان میں سے ایک گروہ (اطاعت سے) پھر جاتا ہے۔ ایسے لوگ ہرگز مومن نہیں ہیں

باقی عمر کے متعلق ہے۔ جب انسان چار پائی یا کھاٹ پر ہو جائے تو اس کو یقین ہو جاتا ہے کہ اب میرا آخری وقت ہے اور فائز دل کے لئے جو جنت سے نعمتیں پائے گا۔ جنت میں اس کو نہ کھائے گا۔ فاروق اعظم نے یہ سن کر فرمایا کہ کیا تم نہیں جانتے کہ اللہ تعالیٰ اس کی تصدیق کر دیتا ہے (کہ کافر میں اس کی تصدیق کر دیتا ہے)۔ اسی لئے فرمایا ہے وَتَمَّتْ كَلِمَةُ رَبِّكَ الخ یعنی اللہ تعالیٰ نے جو کچھ اپنے پیغمبر کو وعدہ دیا ہے وہ سچ ہے اور اس کے الفاظ مضبوط اور معانی نہایت اٹل ہیں۔ (قرطبی، معالم، ابن کثیر)

وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ لَئِنْ اَمَرْتَهُمْ
اور قسمیں کھاتے ہیں اللہ کی اپنی پوری قسمیں کہ اگر تو ان کو حکم دے
لَيَخْرُجُنَّ قُلْ لَّا تُقْسِمُوْا طَاعَةٌ مَّعْرُوْفَةٌ
ضرور نکلیں گے تو کہہ قسمیں نہ کھاؤ فرمانبرداری چاہیے
اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۝
بیشک اللہ کو خبر ہے تمہارے کام کی

منافقوں کی جھوٹی قسمیں:

یعنی منافقین بڑی سخت اور پختہ قسمیں کھاتے ہیں کہ اگر آپ ہمیں حکم دیں تو ہم ضرور جہاد کے لئے نکل جائیں۔ اے آپ کہہ دیں کہ تم قسمیں نہ کھاؤ۔ ہمیں تمہارا جھوٹا حلف اور قسمیں معلوم ہیں۔ ہاں دل سے اطاعت کرو تو ایک بات ہے۔ ورنہ ہم پر تمہاری قسموں کا کوئی اثر نہیں پڑتا۔ یہ مطلب نہیں کہ تم قسمیں کھانے کے بجائے صرف زبان سے اطاعت کا اقرار کر دو۔ (قرطبی، ابن کثیر) مقصد یہ ہے کہ قسمیں کھانے کی ضرورت نہیں۔ تمہاری فرمانبرداری کی حقیقت ہم پر مخفی نہیں۔ تمہاری جھوٹی قسمیں ہمیں دھوکا نہیں دے سکتیں۔ ہم تمہارے دلوں کا حال خوب جانتے ہیں۔ (ابن کثیر) یہ بھی ممکن ہے کہ منافقوں کی قسموں کا ذکر ہو جو وہ مسلمانوں کے سامنے کھاتے تھے کہ ہم تمہارے ساتھ ہیں۔ ہمیں جہاد میں شریک ہونے کا بڑا شوق ہے۔ ہم ضرور جہاد کے لئے نکلیں گے۔ اگر ہم سے کہا جائے تو ہم اپنے بال بچوں کو چھوڑ کر اور اپنا سب کچھ لٹا کر جہاد کے لئے نکل کھڑے ہوں گے۔ (ابن کثیر، قرطبی)

قُلْ اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ فَاِنْ تَوَلَّوْا
تو کہہ حکم مانو اللہ کا اور حکم مانو رسول کا پھر اگر تم پھر جاؤ
فَاِنَّمَا عَلَيْهِ مَا حُمِّلَ وَعَلَيْكُمْ مَّا حُمِّلْتُمْ وَاِنْ
تو اس پر وہی ہے جو اس پر لادا گیا اور تم پر وہی ہے جو تم پر لادا گیا اور اگر
تُطِيْعُوْهُ تَهْتَدُوْا وَمَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ۝
تم حکم مانو رسول کا تو راہ پر آ جاؤ گے اور رسول پر نہیں مگر پہنچا دینا کھول کر

اطاعت وتصدیق کی ذمہ داری پوری کرو:

یعنی پیغمبر پر جو ذمہ داری تبلیغ کا بوجھ رکھا گیا ہے۔ اس سے وہ پوری طرح سبکدوش ہو چکا ہے اور تم پر جو ذمہ داری اطاعت و تصدیق کا بوجھ ڈالا گیا ہے اس کے ارشاد کے مطابق پورا کرنا تمہارا کام ہے۔ اگر تم اپنی ذمہ داری کو نہیں سمجھتے اور اس کے احکام کی تعمیل نہیں کرو گے تو خود اپنا ہی نقصان کرو گے۔ اللہ اور رسول کا کچھ نہیں بگاڑ سکتے۔ اللہ کے رسول کا کوئی نقصان نہیں۔ تمہاری شرارت و سرکشی کا خمیازہ تم کو ہی بھگتنا پڑے گا۔ پیغمبر تو اپنا فرض ادا کر کے اللہ کے حضور اپنی ذمہ داری سے سبکدوش ہو چکے۔ آگے اطاعت کرنے والوں کے لئے انعامات کا بیان فرماتے ہیں جن کا سلسلہ دنیا ہی میں شروع ہو جائے گا۔ (تنبیہ الغافلین)

وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ
وعدہ کر چکا اللہ ان کو جو تم میں ایمان لائے اور کئے اس نے کام اچھے
لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْاَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِيْنَ
کہ ضرور ان کو پیچھے حاکم کرے گا ملک میں جیسا حاکم کیا تھا ان سے
مِنْ قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِيْنَهُمُ الَّذِي ارْتَضٰى
اگلوں کو اور ضرور جما دے گا ان کے واسطے ان کا دین جو ان کو پسند کیا
لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُمْ مِّنْ بَعْدِ خَوْفِهِمْ اَمْنًا يَعْبُدُوْنَنِيْ
ان کے واسطے اور ضرور بدل دے گا ان کو بعد ان کے ڈر کے امن
لَا يُشْرِكُوْنَ بِيْ شَيْئًا
میرا بندگی کریں میرے ساتھ کسی کو نہ شریک کریں

اطاعت رسول کے ثمرات:

یہ خطاب فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت کے لوگوں کو اور جتنے لوگ ان میں ملے رہے تھے اور رسول کے کمال تابع تھے۔ سب کے حق میں وعدہ ہے۔ یعنی قوت حکومت دے گا اور جو دین اسلام لے کر آئے ہیں اس کے دشمنوں سے نہ ہو سکے گا اس کو قائم کرے گا۔ تو یہ بھی کوئی مختلف الحال نہیں ہیں اور وہ جو کہ کمال درجہ کی بادشاہتوں کا حاصل کرنا ان کے حق میں وعدہ ہوا تھا۔ ان کے ملک فلسطین سے پہلی دفعہ آخری بادشاہت کا حاصل کرنا ان کے حق میں وعدہ ہوا۔ درمیان میں جتنی بادشاہتیں ان میں ہوئیں سب ضمنی تھیں۔ اس کا تعلق بعد میں کہیں گے۔ اس وقت مسلمانوں کو خطاب ہے کہ تم عبادت کرتے رہو گے اور کسی کو میرا شریک نہ کرو گے۔ تو میری عبادت میں مشغول رہیں گے اور دنیا میں امن و امان کا دور دورہ ہوگا۔ ان معنوں میں

اختیار بندوں کی ممتاز نشان یہ ہوگی کہ وہ خاص خدا کے واسطے کی بندگی کریں گے جس میں دکھاوے اور شرک کی آمیزش نہ ہوگی۔ مشرب علمی خانوادہ وہاں ذکر کیا جائے گا جس میں کوئی بھی ان کو نہ پہنچے گی۔ صرف ایک ذات نے مقام ہوں گے، آئی ہے وہیں گئی کہ ان کے امید نہ ٹھہرے۔ کہ وہ ہی پھر دعا کریں گے ان کی رضامندی ان کو پہنچا اور مرا ہوگا۔ کسی دوسری شکل کا خوف وہاں ان کے پاس نہ پہنچے گا۔ نہ کسی دوسرے کی خوشی نہ خوشی کی پروا کریں گے۔ الحمد للہ کہ یہ وعدہ ابھی چاروں خلفاء راشدین اللہ تعالیٰ کے ہاتھوں پورا ہوا اور دنیا نے اس عظیم الشان پیشین گوئی کے ایک ایک حرف کا صدق اپنی آنکھوں سے دیکھ لیا۔ خلفائے اربعہ کے بعد بھی کچھ بادشاہان اسلام وقتاً فوقتاً ایسے ظہور کے آتے رہے اور جب اٹھ جائے گا آخر کار بھی آئیں گے۔ احادیث سے معلوم ہوا کہ آخری خلیفہ حضرت امام مہدی رضی اللہ عنہ ہوں گے جن کے متعلق عجیب وغریب بشارات سنی گئیں ہیں۔ وہ دنیا کی زمین کو عدل و انصاف سے بھر دیں گے اور تمام علامات جو دجالی تجلی اللہ کے ذریعہ اسلام کا کلمہ بلند کریں گے۔ اللّٰھم احشرنا فی زمرتہ و فی رفاقۃ شھدائہ فی سبیلک تحت رایۃ الحقارۃ و ذوالفضل العظیم۔

(حسن) اس آیت کے مخاطب سے خلفائے اربعہ کی بڑی بھاری فضیلت ثابت ہوتی ہے۔ ابن کثیر نے اس کے تحت میں اس مضمون سے لے کر مہدی تک کی فتوحات کو مزید بیان کیا ہے آخر میں یہ افادہ لکھے ہیں۔ وکنی الخراج من الشارق و المغارب الی حضرۃ امیر المؤمنین عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ وذلک بمرکبۃ ناقۃ رسولہ وخطبہ الائمۃ علی حفظ القرآن و لھذا قصت ای فضحہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لہ اللہ یدوی لی الارض فرفیت مشارقھا و مغاربھا و سیبلغ ملک امتی ما زوی لی منھا فھا نحن نتقلب فیھا و عندنا اللہ و رسولہ فصدقہ اللہ و رسولہ فسبحان اللہ الایمان بہ و برسولہ والقیام بشکرہ علی الوجہ الذی یرضیہ عنا۔ (ابن جریر)

دورِ خلافت کی فتوحات:

حضرت صدیق اکبرؓ کی خلافت کا وقت آیا تو اللہ تعالیٰ نے ان کے دل میں اپنے بعد عمر بن خطاب کو خلیفہ بنانے کا الہام فرمایا۔ عمر بن الخطاب خلیفہ ہوئے تو انہوں نے نظام خلافت ایسا سنبھالا کہ آسمان نے آج تک ویسا نظم اسلام کے بعد نہ دیکھا تھا۔ ان کے زمانے میں ملک شام پورا فتح ہو گیا، عراق فتح ہو گیا اور ملک فارس کا اکثر حصہ انہیں کے زمانے میں قیصر و کسریٰ کی قیصری اور کسروی کا خاتمہ ہوا۔ اس کے بعد خلافت جمالی کا وقت آیا تو اسلامی فتوحات کا دائرہ مشارق و مغارب تک وسیع ہو گیا۔ ہارے مغرب، اندلس اور فرانس تک اور مشرق (اصلی) میں بلاد چین تک اور عراق، خراسان، ہوا اور سب آپ کے زمانے میں فتح ہوئے۔ ابن کثیر حدیث نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا کہ میری امت کی زمین کے مشارق و مغارب اپنے لپیٹ لئے گئے ہیں اور میری امت کی حکومت وہاں تمام ملکوں تک پہنچے گی جو مجھ کو دکھائے گئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے یہ وعدہ حیرت انگیز طور پر پورا فرمایا (یہ سب مضمون تفسیر ابن کثیر سے لیا گیا ہے)

اور ایک حدیث میں جو آیا ہے کہ خلافت میرے بعد تیس سال رہے گی اس کی مراد خلافت راشدہ ہے جو بالکل نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے نقش قدم پر قائم رہی اور حضرت علیؓ تک پہنچی۔ پھر ملوکیت میں بھی بہت سال کی مدت حضرت عمر بن عبدالعزیز تک پوری ہوئی۔

بارہ خلفاء:

ابن کثیر نے اس جگہ صحیح مسلم کی یہ حدیث بھی نقل کی ہے کہ بعد حضرت چاروں خلفاء کے بارہ خلیفہ اور ہوں گے جن کے متعلق آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا گیا کہ آپ نے فرمایا کہ میری امت کا کام چلتا رہے گا جب تک کہ بارہ خلیفہ ہیں گے۔ ابن کثیر نے اس کی تفصیل کرتے ہوئے فرمایا کہ یہ حدیث بارہ خلیفہ والی امت تک ہونے کی تعیین پر دلالت نہیں کرتی ہے اس کا وقوع ضروری ہے لیکن یہ ضروری نہیں کہ وہ سب کے سب مسلسل اور متصل ہی ہوں بلکہ ہو سکتا ہے کہ کچھ خلفاء کے بعد ہوں۔ ان میں سے چار تو ہو چکے جو خلفاء راشدین تھے اور بارہ میں سے بعض تو وہ ہیں جن کا خلافت سے کوئی تعلق ہی نہیں ہوا اور یہ بھی ضروری نہیں کہ ان سب کے زمانہ خلافت اور ہوں اور سب کے زمانے میں امن و سکون دنیا کا کیساں ہو۔ بلکہ اس مدت کے اندر بہت سے فساد بھی ہوں گے استقامت اور مکمل اتباع پر ہے اس لئے درجات کے اختلاف سے تفاوت کی نوعیت ثابت میں بھی فرق و اختلاف لازمی ہے۔ اسلام کی پوری دو سو سال تاریخ اس پر شاہد ہے کہ مختلف زمانوں اور مختلف ملکوں میں جب اور جہاں کوئی مسلمان خالص اور صالح بادشاہ ہوا ہے اس کو اپنے عمل و اصلاح کے پیچھے یہ اس وعدہ علیہ کا مصداق ملا ہے جیسا کہ قرآن کریم میں وعدہ کی گئی فرمایا ہے ان حزب اللہ ھم الغالبون یعنی اللہ کی جماعت ہی غالب رہتی ہے۔

خلفائے راشدین کے حق ہونے کی دلیل:

یہ آیت حضرت خلفاء راشدین کی خلافت کے حق صحیح اور مقبول عنداللہ

ہونے کی بھی اس نے پیشگوئی کی تھی۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول اور اس کی امت سے فرمایا تھا کہ اس وقت تک تمہیں اپنی حفاظت کے لئے تلوار اور اپنی حفاظت کی طاقت رکھنی چاہئے جب تک تمہارا دشمن تمہیں ہلاک کرنے کی طاقت رکھتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد بھی ہے کہ ہر ممکن ذریعہ سے اپنی حفاظت کرو۔ اور ہمارا ایک مشہور نبی حضرت داؤد علیہ السلام کا ہاتھ میں ہتھیار لئے ہوئے ہونا بھی ہمارے سامنے ہے۔ اور ہمارے آقا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا بھی ہتھیار لئے ہوئے ہونا ثابت ہے۔ اور ہمارے ہاں ان کی تصاویر بھی ہیں۔ اور ہم ان کو اپنے گھروں میں رکھتے ہیں۔ اور قرآن شریف سے ثابت ہے کہ حضرت سلیمان علیہ السلام کے لئے بھی ہتھیار بنائے گئے تھے۔ اور ہمارا ایمان ہے کہ حضرت مہدی علیہ السلام کے ساتھ بھی ہتھیار ہوں گے۔ اور ہمارا ایمان ہے کہ جو چیز دنیا میں ہوتی ہے اس کا نمونہ آسمان میں بھی ہوتا ہے۔ اور ہمارا ایمان ہے کہ آسمان پر بھی ہتھیار ہیں

ہیں حضرت علی رضی اللہ عنہ سے یہ تاثر ملتا ہے کہ آپ نے حضرت علی کو اپنا جانشین مقرر کیا ہے۔ اس کے برعکس حضرت علی نے خلافت کے بارے میں کوئی واضح بات نہیں کی۔ اس سے یہ تاثر ملتا ہے کہ آپ نے خلافت کے بارے میں کوئی فیصلہ نہیں کیا۔ اس کے بعد حضرت علی نے خلافت کے بارے میں کوئی فیصلہ نہیں کیا۔ اس کے بعد حضرت علی نے خلافت کے بارے میں کوئی فیصلہ نہیں کیا۔

خلفائے راشدین کا فتویٰ شرعی حجت ہے۔

فقہاء کرام کا فتویٰ ہے کہ جو فیصلہ خلفاء راشدین کے فتوے کے حجت نہ ہو تو وہ اہل حق و صداقت میں سے نہیں ہو سکتا۔ اس لئے کہ یہ اجماع کے خلاف ہے۔ اجماع امت کی طرف سے اس لئے اس کا فیصلہ یہ ہوگا کہ جو شخص عبداللہ کی ہر اطاعت کی اطاعت واجب ہوگی۔ اس کے بارے میں کہا جائے گا کہ وہ اللہ کی اطاعت کرتا ہے۔ اس کا فیصلہ یہ ہے کہ یہ اجماع امت کی طرف سے ہے۔ اور یہ اجماع امت کی طرف سے ہے۔ اس کا فیصلہ یہ ہے کہ یہ اجماع امت کی طرف سے ہے۔

قاضی شوشتری کی تحریر

قاضی نور اللہ شوستری اثنا عشری اہل حق میں شمار ہوتے ہیں۔ انہوں نے اپنی کتاب میں لکھا ہے کہ حضرت ابوبکر کی خلافت کا سوال تھا تو حضرت علی نے اپنے زمانہ خلافت میں ان کی خلافت کو برقرار رکھا۔ اور ان کے فیصلوں کو نافذ کیا۔ اور ان کے فیصلوں کو نافذ کیا۔ اور ان کے فیصلوں کو نافذ کیا۔

مثالی نظام حکومت:

خلفاء راشدین نے اپنے دور خلافت میں جو خوبیاں اور کمالات حاصل کیں، وہ حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر حضرت عیسیٰ علیہ السلام تک کسی کو حاصل نہیں ہوئی تھیں۔ اور وہ تالیف قلوب اور تمکین و قوت جو ان تین کو حاصل ہوئی، وہ انبیاء میں سے کسی کو حاصل نہیں ہوئی۔ اور یہ تین خلفاء کی خلافت کے بعد ہی اسلام کا صحیح نظام قائم ہوا۔ اور یہ تین خلفاء کی خلافت کے بعد ہی اسلام کا صحیح نظام قائم ہوا۔

شیعوں کی کتاب سے ثبوت:

ابن بابویہ قمی نے اپنی کتاب (جو شیعوں کی اہل ترین کتاب ہے) میں لکھا ہے کہ جب حضرت ابوبکر کا انتقال ہوا تو حضرت علی نے ان کی خلافت کو برقرار رکھا۔ اور ان کے فیصلوں کو نافذ کیا۔ اور ان کے فیصلوں کو نافذ کیا۔ اور ان کے فیصلوں کو نافذ کیا۔

سے مشورہ لیا تو حضرت عمر نے جواب میں یہ عبارت تحریر فرمائی۔

ان عمدالامر لم یکثر بصرته وعدلاله بکثره ولافقة وهو دین الله الذی اظهره رجله الذی اختاره واربده حتی بلغ مابلغ وطلع حیث طلع ومهما علی موعوه من الله تعالی ملکه و عملوا الصالحات ای اخر الآیة فالله صحر وعده وناصر جنده الخ.

(تاریخ الخلفاء باب عثمان رضی اللہ عنہ، جلد ۱، صفحہ ۱۰۱)

یہ فقرہ ہمیں دین کی جامع الکلمتی کی کشت سے بچیں لی اور شخصی تعلق سے اس کو نکست دینے کے بعد یہ دین خدا کا دین ہے جس نے خود مختار کی اور اس کو اختیار کیا اور جہاں تک خدا کا دین پہنچنا تھا پہنچا اور روشن ہو چکا کہ ظاہر اور روشن ہو گیا اور جہاں تک اس کا سورج چمکنا تھا چمکا اور جہاں تک اس کی روشنی کو پہنچنا تھا پہنچی

یہ اس بات سے ثابت ہوتا ہے کہ دین اسلام اللہ کا پسندیدہ دین ہے اور اللہ تعالیٰ نے اس کو یہ قبول فرما لیا ہے اس لئے قیامت تک اس کو قائم رکھنے کی حفاظت بھی کرتا رہے گا اور اس کی ترقی کے سامان بھی پیدا فرماتا رہے گا۔ اسی لئے اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو خوشخبری بھی دی ہے۔

فَلَا تَخَافُوهُمْ (یعنی خطاب کفار سے ہے) تم ان (کفار) سے مت ڈرو کیونکہ اللہ کی مدد اور حمایت ہوتا ہے تمہارا مددگار ہے تمہیں اس کے بعد اختیار اور اقتدار دیا جائے گا اگر تم اس کی نافرمانی کرو گے تو پھر تمہارا کوئی ساتھی نہیں ہوگا اور تم ذلیل و خوار ہو جاؤ گے۔

خلافت کے تیس سال

اس حدیث میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ خلافت میرے بعد تیس سال ہوگی اور اس کے بعد ملوکیت ہوگی۔ اس حدیث میں بھی اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ خلافت راشدہ کا زمانہ تیس سال ہوگا۔ اس کے بعد ملوکیت کا زمانہ شروع ہو جائے گا۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ خلافت راشدہ کی مدت تیس سال ہے۔ اس کے بعد ملوکیت کا زمانہ شروع ہو گیا۔

خلافت اور قیام امن کی نبوی پیش گوئی

حضرت عدی بن حاتم نے فرمایا۔ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر تھا کہ ایک شخص خدمت اقدس میں حاضر ہوا اور اس نے فاقہ کی شکایت کی۔ پھر دوسرا آدمی آیا اور اس نے راستہ میں لوٹ لئے جانے کی شکایت کی۔ آپ نے فرمایا اے عدی! کیا تم نے حیرہ کو دیکھا ہے؟ میں نے عرض کیا کہ میں نے حیرہ کو نہیں دیکھا البتہ اس کے بارے میں مجھے معلومات ہیں۔ آپ نے فرمایا اگر تمہاری زندگی لمبی ہوئی تو تم دیکھو گے کہ ایک عورت حیرہ سے چل کر بغیر کسی کے ساتھ کے کعبہ کا طواف کرے گی اور اسے اللہ کے سوا کسی کا خوف نہ ہوگا۔ میں نے اپنے دل میں کہا کہ قبیلہ طے کے ڈاکو جنہوں نے شہروں میں فساد برپا کر رکھا ہے کہاں جائیں گے۔ پھر فرمایا اگر تمہاری زندگی لمبی ہوئی تو تم کسریٰ کے خزانے فتح کرو گے۔ میں نے عرض کیا کسریٰ بن ہرمز کے خزانے؟ فرمایا ہاں کسریٰ بن ہرمز کے خزانے۔ اگر تمہاری عمر دراز ہوئی تو تم دیکھو گے کہ آدمی مٹھی بھر جائیداد یا صدقہ تلاش کرے گا اسے کوئی نہیں ملے گا جو اسے قبول کرے۔ اللہ کے سامنے کھڑے ہونے کے وقت ہر شخص کا اللہ کے ساتھ براہ راست معاملہ ہوگا۔ اس کے اور اللہ کے درمیان کوئی ترجمان نہیں ہوگا جو اس کی سفارش کرے۔ اللہ تعالیٰ اس سے فرمائے گا کہ کیا میں نے تمہارے پاس رسول نہیں بھیجا تھا جو تمہیں تبلیغ کرتا۔ وہ کہے گا ہاں بھیجا تھا۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا کہ کیا میں نے تمہیں مال نہیں دیا تھا اور تم پر فضل نہیں کیا تھا۔ وہ کہے گا ہاں کیا تھا۔ پھر وہ اپنی دائیں طرف دیکھے گا تو جہنم نظر آئے گا۔ پھر بائیں طرف دیکھے گا تو جہنم نظر آئے گا۔ پھر جہنم میں پھینک دیا جائے گا۔ حضرت عدی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ بھی سنا ہے کہ اپنے آپ کو جہنم سے بچاؤ خواہ کھجور کے ایک ٹکڑے کے ذریعہ ہی سہی۔ اگر وہ بھی نہ ملے تو اچھی بات کہہ کر (سائل سے معذرت کر کے) اپنے آپ کو جہنم سے بچاؤ۔ میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا کہ حیرہ سے ایک عورت چل کر آئی اور اس نے بغیر کسی کے ساتھ کے کعبہ کا طواف کیا۔ اور میں ان لوگوں میں سے تھا جنہوں نے شہر میں فساد برپا کر رکھا تھا۔ اور میں نے کسریٰ بن ہرمز کے خزانے فتح کئے۔ اور اگر میری زندگی لمبی ہوئی تو میں تم سے تیسری بات کا بھی مشاہدہ کروں گا جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمائی کہ آدمی مٹھی بھر جائیداد یا صدقہ تلاش کرے گا اسے کوئی نہیں ملے گا جو اسے قبول کرے۔ (بخاری)

پارہ خلافت قریشی ہوں گے

حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں لوگوں کا معاملہ ہمیشہ سے جاری رہے گا یہاں تک کہ ان میں بارہ خلیفے ہوں گے۔ پھر آپ نے ایک بات آہستہ فرمائی جو میں نہ سن سکا۔ میرے والد نے بتایا کہ آپ نے فرمایا وہ سب کے سب قریش ہوں گے۔ (بخاری)

خلافت قریش کے ساتھ مخصوص ہے

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ لوگ ہمیشہ اس معاملہ (خلافت) کے قریش کے ساتھ مخصوص ہونے کا انکار نہیں کریں گے جب تک ان میں دو شخص بھی باقی رہیں گے۔ (بخاری)

خلافت قریش کے ساتھ مخصوص ہے

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ لوگ ہمیشہ اس معاملہ (خلافت) کے قریش کے ساتھ مخصوص ہونے کا انکار نہیں کریں گے جب تک ان میں دو شخص بھی باقی رہیں گے۔ (بخاری)

خلافت قریش کے ساتھ مخصوص ہے

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ لوگ ہمیشہ اس معاملہ (خلافت) کے قریش کے ساتھ مخصوص ہونے کا انکار نہیں کریں گے جب تک ان میں دو شخص بھی باقی رہیں گے۔ (بخاری)

(باقی صفحہ پر ہے۔ ادارہ)

وَمَنْ كَفَرَ بَعْدَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ

(اور جو کوئی تم میں سے کافر بنے اس کے بعد تو وہ لوگ ہیں نافرمان)

۲ شکر کرنے والے

شکر کے معنی ہیں نعمت کو پہچان کر اس کا شکریہ ادا کرنا۔ حضرت شاہ صاحب فرماتے ہیں کہ ہر نعمت کے ساتھ ایک خاص قسم کا شکر ہے۔ حضرت داؤد علیہ السلام نے اپنی اولاد کو یہ وصیت فرمائی تھی کہ اے میرے بیٹو! تم پر جو نعمت بھی ظاہر ہو اس کا شکر ادا کرو۔ اگر تم کو یہ معلوم نہ ہو کہ اس نعمت کا شکر کیا ہے تو اللہ سے دعا کرو کہ وہ تمہیں اس کا شکر ادا کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

قائلین علم (کلمہ گو) میں سے جو بھی (یہاں ماضی کا صیغہ استعمال ہوا ہے) اللہ کی نعمت کا شکر ادا کرتے ہوئے اللہ کی راہ میں جہاد کرتے ہوئے شہید ہوئے ہیں ان کو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ساتھ ملا دیا جائے گا۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا تھا کہ میرے بعد جو بھی دجال کا انکار کرے گا وہ کافر ہوگا۔ اس کے بعد آپ نے فرمایا کہ میرے بعد جو بھی دجال کا انکار کرے گا وہ کافر ہوگا۔ اس کے بعد آپ نے فرمایا کہ میرے بعد جو بھی دجال کا انکار کرے گا وہ کافر ہوگا۔ (ابن ماجہ)

مقبول بندوں کا طریقہ

مسلمان قوم کی ہمت کے بڑھانے کے لئے ضروری ہے کہ ان کے سامنے ان مقبول بندوں کی زندگی پیش کی جائے جنہوں نے اللہ کی راہ میں اپنی جانیں قربان کر دیں۔ ان کی زندگی کا مطالعہ کیا جائے۔ ان کے حالات پڑھے جائیں۔ ان کی قبروں پر جا کر ان کے لئے دعا کی جائے۔ ان کی قبروں پر جا کر ان کے لئے دعا کی جائے۔ ان کی قبروں پر جا کر ان کے لئے دعا کی جائے۔

صلی اللہ علیہ وسلم علیہ نور علیہ و لحفظنا بلفظہ آمین

وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتًا ۭ بَلْ اَحْيَاۗءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُوْنَ

(اور جو لوگ اللہ کی راہ میں مارے گئے ان کو مردہ نہ سمجھو بلکہ وہ زندہ ہیں اپنے رب کے پاس روزی پاتے ہیں)

وَمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۭ وَبِئْسَ الْمَهِيْدُ

(اور ان کا ٹھکانہ جہنم ہے اور وہ بہت برا ٹھکانہ ہے)

مرد و اولیاء کی شکست

یہ بات ہمارے لئے بڑی افسوسناک ہے کہ ہمارے ملک میں بعض لوگوں نے اللہ کے نیک بندوں کی عزت اور محبت کے دلوں میں پیدا ہونے کی بجائے ان کی بے عزتی کی ہے۔ ان کی قبروں کو ختم کرنے کی کوشش کی ہے۔ ان کی قبروں کو ختم کرنے کی کوشش کی ہے۔ ان کی قبروں کو ختم کرنے کی کوشش کی ہے۔

(باقی صفحہ پر ہے۔ ادارہ)

مسئلہ استفیدان کا حکم

(باقی صفحہ پر ہے۔ ادارہ)

تھا۔ یہ اسی کا حصہ ہے۔ اور یہاں بھی خاص خاص احکام بتانے سے اس سورۃ میں آگے بڑھنا ہے۔

حضرت اسماءؓ کی ناگواری پر آیت کا نزول:

امام بغوی رحمہ اللہ نے مقاتل بن حیان کی روایت سے بیان کیا ہے کہ حضرت اسماء بنت مرثد کا ایک غلام تھا جو کہ حضرت اسماء کے پاس اپنے وقت میں (بلا اجازت) آ جاتا تھا۔ اس وقت غلام نوآموز تھا حضرت اسماء کو ناگوار گزرتا تھا۔ حضرت اسماء رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور عرض کیا یا رسول اللہ! غلام اور خادم اپنے وقت (بے وقت) ہمارے پاس آ جاتے ہیں کیا اس وقت ان کا آنا ہمارے لئے ناگوار ہے۔ اس پر آیت نازل ہوئی (تفسیر مظہری)

وَلْيَسْتَأْذِنْكُمُ الَّذِينَ مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ وَالَّذِينَ لَمْ يَبْلُغُوا الْحُلُمَ مِنْكُمْ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ

اور جو کہ نہیں پہنچے ہیں تم میں سے مثل کی سن کے تین بار تم کو

مِنْ قَبْلِ صَلَاةِ الْفَجْرِ وَحِينَ تَضَعُونَ ثِيَابَكُمْ مِنَ الظَّهِيرَةِ

نماز سے پہلے اور جب کہ اتارتے ہو اپنے کپڑے دوپہر کے

وَمِنْ بَعْدِ صَلَاةِ الْعِشَاءِ ثَلَاثُ عَوْرَاتٍ لَكُمْ

اور نماز عشاء کے پیچھے یہ تین وقت ہیں چھپنے کے تمہارے

غلاموں اور نابالغوں کے گھر میں آنے کا ادب:

ان تین اوقات میں عموماً گھر پر آدمی کم ہوتے ہیں اور بے تکلفی کے ساتھ کام کاج میں مشغول ہوتے ہیں اور بیوی کے ساتھ خلوت بھی بیشتر ان ہی اوقات میں ہوتی ہے بھی تھوڑے تکلیف دہ وقت کے عمل کرنے کا حکم دیا گیا ہے اور فرمایا ہے کہ ہر شخص کو چاہئے کہ یہ تین وقت ہوں ان کے علاوہ ہوں ان میں غلام اور نابالغ لڑکوں اور لونڈی غلام کو بھی اجازت لے کر آنا چاہئے۔ باقی اوقات میں ان کو اجازت کی طرح اجازت طلب کرنے کی حاجت نہیں۔ (تفسیر کبیر) (تفسیر ابن کثیر)

یہ امر اور وقت میں بھی عمومی طور پر ان کی پابندی ضروری ہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

شان نزول: ابن ابی حاتم نے حضرت ابن عباس کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک انصاری غلام کو دوپہر کے وقت حضرت عمر کو بلانے کے لئے بھیجا۔ غلام حضرت عمر کے پاس (گھر کے اندر) پہنچا اس حالت میں کہ حضرت عمر کو اس حالت میں دیکھنا ناگوار گزرا۔ اس پر آیت يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لِيَسْتَأْذِنْكُمُ الَّذِينَ مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ نازل ہوئی۔

جو لڑکے بلوغ کے قریب ہوں ان کو بھی بلوغ کے قریب والوں (مراہق) کی طرح (ان تین وقتوں میں) اجازت لے کر آنے کا حکم ہے۔ (تفسیر مظہری)

وَإِذَا بَلَغَ الْأَطْفَالُ مِنْكُمُ الْحُلُمَ فَلْيَسْتَأْذِنُوا كَمَا اسْتَأْذَنَ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ

اور جب کہ پہنچیں لڑکے تم میں سے مثل کی سن کے تو چاہئے کہ اجازت لیں جیسا کہ اجازت لیتے رہے ہیں وہ لوگ جو

لَيْسَ عَلَيْكُمْ وَلَا عَلَيْهِمْ جُنَاحٌ بَعْدَهُنَّ

نہیں تم پر اور نہ ان پر کچھ گناہ ان وقتوں کے بعد

طَوَّافُونَ عَلَيْكُمْ بَعْضُكُمْ عَلَى بَعْضٍ

پھرنا تم کو ایک دوسرے کے پاس

یعنی اوقات مذکورہ میں اجازت لینا ضروری ہے باقی ان اوقات میں جو کہ ایک دوسرے کے پاس بے روک ٹوک آتے جاتے ہیں ان میں نابالغ لڑکوں یا مملوک غلام کو ہر مرتبہ اجازت لینے کی ضرورت نہیں کیونکہ ایسا کرنے سے بہت سی دقت ہوگی اور کام کاج میں حرج ہے جو شرعی حکمت کے خلاف ہے۔ (تفسیر جلالین)

كَذَٰلِكَ يُبَيِّنُ اللَّهُ لَكُمُ الْآيَاتِ ۗ وَاللَّهُ عَلِيمٌ

یوں کھولتا ہے اللہ تمہارے آگے باتیں اور اللہ سب کچھ جانتا ہے

حَكِيمٌ ۝ وَإِذَا بَلَغَ الْأَطْفَالُ مِنْكُمُ الْحُلُمَ

حکمت والا ہے اور جب پہنچیں لڑکے تم میں سے عقل کی سن کے

فَلْيَسْتَأْذِنُوا كَمَا اسْتَأْذَنَ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ

تو چاہئے کہ اجازت لیں جیسا کہ اجازت لیتے رہے ہیں وہ لوگ اگلے

نابالغ لڑکا جب تک نابالغ ہے تین وقتوں کے علاوہ اجازت لے کر آسکتا ہے۔ جس وقت حد بلوغ کو پہنچا پھر کسی وقت کسی بھی اجازت لینے کا حکم ہے جیسا کہ جو اس سے پہلے بالغ ہو چکے ہیں ان کا حکم ہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

[illegible] کی تفسیر حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے یہ منقول ہے کہ اس سے مراد ہر قسم کی زینت ہے۔ اس کی تائید اس حدیث سے ہوتی ہے جس میں آپ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کو اس بات کا حکم دیا گیا ہے کہ عورتوں کو پردہ کا حکم دیا جائے۔ اس حدیث کی سند میں کلام ہے لیکن اس کے مضمون کی تائید قرآن مجید کی اس آیت سے ہوتی ہے جس میں ارشاد ہوا ہے کہ عورتیں اپنی زینت کا اظہار نہ کریں۔ اس سے معلوم ہوا کہ عورتوں کو اپنی زینت کا اظہار نہیں کرنا چاہیے۔ اس سے ان کا پردہ کرنا ثابت ہوتا ہے۔ اس کی تائید اس حدیث سے بھی ہوتی ہے جس میں آپ نے فرمایا کہ عورت ستر ہے جب وہ باہر نکلتی ہے تو شیطان اس کی تاک میں لگ جاتا ہے۔ اس سے بھی پردہ کا حکم ثابت ہوتا ہے۔ (ابن کثیر)

[illegible] کی تفسیر میں حضرت ابن عباسؓ سے یہ منقول ہے کہ اس سے مراد چہرہ اور ہاتھ ہیں۔ حضرت ابن عباسؓ کے شاگرد عطاء سے پوچھا گیا کہ کیا عورت اپنے چہرہ کو ڈھانپ سکتی ہے؟ انہوں نے جواب دیا کہ ہاں! اس سے معلوم ہوا کہ عورت کے لیے چہرہ کا پردہ ضروری نہیں ہے۔ (ابن کثیر)

[illegible] کی تفسیر میں حضرت ابن عباسؓ سے یہ منقول ہے کہ اس سے مراد سرمہ، انگوٹھی اور مہندی ہے۔ حضرت ابن عباسؓ کے شاگرد عکرمہ سے پوچھا گیا کہ عورت کس حد تک اپنی زینت ظاہر کر سکتی ہے؟ انہوں نے جواب دیا کہ چہرہ کا سرمہ، انگوٹھی اور مہندی تک۔ (ابن کثیر)

[illegible] کی تفسیر میں حضرت ابن مسعودؓ سے یہ منقول ہے کہ اس سے مراد کپڑے ہیں۔ حضرت ابن مسعودؓ کے شاگرد ابراہیم نخعی سے پوچھا گیا کہ عورت کس حد تک اپنی زینت ظاہر کر سکتی ہے؟ انہوں نے جواب دیا کہ کپڑوں

اور ان سب کو ساتھ لے کر چلے گئے۔ وہ لوگ آپ کو پہچان نہ سکے۔ وہ لوگ آپ کو اپنے ساتھ کھانے میں شریک کرتے تھے۔ آپ ان میں گھومتے رہے اور ان کے حالات دیکھتے رہے۔ پھر آپ کو ایک ایسا شخص ملا جس کو آپ پہچانتے تھے۔ اس نے آپ کو پہچان لیا۔ وہ آپ کے پاس آیا اور آپ سے لپٹ گیا۔ آپ کے ساتھ جو لوگ تھے وہ سمجھے کہ یہ آپ کا کوئی رشتہ دار ہے۔ آپ اس سے لپٹ گئے۔ پھر آپ نے اس سے کہا: میرے ساتھ آؤ۔ وہ آپ کے ساتھ چلا گیا۔ آپ نے اس سے کہا: تم نے کیا دیکھا؟ اس نے کہا: میں نے دیکھا کہ وہ لوگ آپ کو پہچان نہ سکے۔ آپ نے فرمایا: میں نے دیکھا کہ وہ لوگ مجھے پہچان نہ سکے۔

اولاد کا گھر اپنے گھر ہوتا ہے

اپنے گھر سے مراد وہ گھر ہے جس میں بیوی بچے ہوں۔ اس میں اور اپنے گھر میں شامل ہیں۔ اپنی اولاد کا گھر اپنا ہی گھر ہوتا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے: تم اور تمہارا مال تمہارے باپ کا ہے۔ اپنی اولاد کے گھر میں رہنا اپنے گھر میں رہنا ہے۔

پاکیزہ ترین مال: اللہ تعالیٰ نے بیان فرمایا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پاکیزہ ترین مال وہ ہے جو آدمی اپنی کمائی سے کھائے اور آدمی کی اولاد بھی اسی کی کمائی سے ہے۔ مصیبت یہ ہے کہ بچوں کا اور اپنی اولاد کا مال

کھانے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ لہٰذا اس آیت

أَوْ صَدِيقِكُمْ ۚ پر یہ اعتراض نہیں ہے۔

وہ گھر جن سے بلا اجازت کھانا جائز ہے

بلوی نے کہا: جن گھروں کا تذکرہ اس آیت میں ہے، ان گھروں سے مراد یہ ہے کہ ان گھروں میں داخل ہونے کی اجازت دے دی گئی ہے۔ اس لئے ان گھروں سے کھانا بھی جائز ہے۔

مطلب یہ ہے کہ جن گھروں کا بالخصوص ذکر کیا گیا ہے (یعنی اپنے گھر، باپ کے گھر، ماں کے گھر وغیرہ) ان گھروں میں جانا اور وہاں کی چیزوں کے بغیر پوچھے کھا جانا جائز ہے۔ کیا سمجھے ہو تم بلوی صاحب! تم نے قرآن کریم کا ارتھا تو کیا، ارتھ تک نہیں سمجھا۔

بعض لوگوں کا خیال ہے کہ شروع اسلام میں جب خانہ جنگی کا زمانہ تھا اور لوگ ایک دوسرے کے گھروں میں جاتے ہوئے ڈرتے تھے، تو اس وقت یہ آیت نازل ہوئی تھی۔ یہ خیال بھی اتنی ہی غلط ہے جتنی اس کی وجہ سے آیت کی غلط تفسیر ہے۔ اس وقت بھی اور اب بھی اور قیامت تک اس کی یہی تفسیر ہوگی۔ معلوم ہوا کہ یہ بھی جہالت ہے کہ آیت میں جن گھروں کا ذکر ہے، ان گھروں سے کھانا بھی بالعموم جائز ہے۔ (اور کوئی شخ کھانے پینے کا کوئی برتن یا ظرف نہیں ہوتا، ان لوگوں کا آیت میں ذکر نہیں، صرف سات گھروں کا ذکر ہے۔ ان کے ظرف کا ذکر نہیں ہے) کیا ہی اچھا ہو کہ ہم کہنے پینے کی بالکل انوکھی اور غیر روایتی سوچ کو چھوڑ کر اس بارے میں ہمیشہ سے جاری چلی آرہی عام روش کو اختیار کریں۔ جو خیالات بھی جائز ہیں، ان پر عمل کرنے والے کی نیت صحیح ہو تو اس کا کھانا بھی عبادت بن جاتا ہے۔ اور بلا نیت کھانے والے کی نیت صحیح نہ ہو تو اس کا کھانا بھی عبادت نہیں بن پاتا۔

مسئلہ: یہ آیت دلالت کر رہی ہے کہ عام طور پر قرابتی محرم رشتہ داروں میں چوک یا نکلی اور (کھانے پینے سے) ان کا دل خاطر ہوتا ہے۔ اس لئے کہ یہ لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ محرم قرابت اور ان کے مکانوں کے اندر بے تکلفی ہوتی ہے اور اس قرابت اور رشتہ داری کی وجہ سے ان کا مال کھانے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ یہ سمجھ کر کھانے والے کے لئے یہ حرام ہے۔ اس لئے کہ یہ حرام مال کھانے کا بہانہ نہیں بن سکتا۔ اور نہ ہی اس کی وجہ سے کھانا جائز ہوگا۔ کیونکہ اصل صورت میں ہی حرام تھا اور اجازتی صورت میں حرام تھا (حرام یعنی محظور یعنی اصل صورت میں مال والوں کی رضا نہیں تھا اور جو کھانے والے نے لئے تھا وہ مقام مقام کھا جانا ہے۔ اور اجازتی صورت میں اس پورے کے لئے نیز کھانا حرام ہی ہے۔ اور کھانا جائز ہے)

لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ أَنْ تَأْكُلُوا جَمِيعًا أَوْ أَشْتَاتًا

تم پر کوئی حرج نہیں کہ تم سب مل کر کھاؤ یا الگ الگ

فَإِذَا دَخَلْتُمْ بُيُوتًا فَسَلِّمُوا عَلَىٰ أَنْفُسِكُمْ تَحِيَّةً

پھر جب تم گھروں میں جایا کرو تو اپنے لوگوں کو سلام کیا کرو

مِنْ عِنْدِ اللَّهِ مُبَارَكَةً طَيِّبَةً ۚ كَذَٰلِكَ يُبَيِّنُ اللَّهُ

اللہ کی طرف سے مقرر کی ہوئی دعا جو بڑی برکت والی (اور) پاکیزہ ہے۔ اللہ

لَكُمْ دِينُكُمْ وَلِيَ دِينِ

تمہارے لئے تمہارا دین اور میرے لئے میرا دین

یعنی اپنے اپنے عقیدوں میں کھانے کی چیز کو برداشت یا ہضم ضروری نہیں۔ نہ کھانے والا الجھ کر نے کھانے والے کو ہلاک کرے۔ قرآن نے کہا کہ اگر اس کے ذائقہ کا ذوق کسی کی مرضی حاصل کرنا ہے تو رکھا یہ الجھن اس کی فکر اور اس میں نہ رکھے کہ کس نے کھایا کس سے زیادہ۔ سب سے نازل کرایا۔ اور اگر ایک شخص کی مرضی نہ ہو تو پھر کسی کی چیز کھانی ہرگز درست نہیں اور عقیدہ فرمایا سلام کا آپس کی ملاقات میں کیونکہ اس سے بہتر دعا نہیں۔ جو لوگ اس کو چھوڑ کر اور اذان کرتے ہیں اللہ کی تجویز سے ان کی چیز نہیں ہو سکتی۔

(تیسری) آیت سے تبلیغ کھانے کا جواز بھی ملا۔ بعض حضرات دعوتوں میں جب تک کوئی مہمان نہ ہو کھانا نہیں کھاتے تھے۔ معلوم ہوا کہ یہ ظلم ہے۔ بہتر اکیلے کھانے سے دوں دو کا بیٹھ کر کھانا ہی فوقیت رکھتا ہے۔ (تفسیر حقانی)

شانِ نزول: بغوی نے لکھا ہے اس آیت کا نازل کرنا ابو جہل بن ہشام کے متعلق ہوا اس لئے کہ ایک شخص تمیم بھی مہمان کے لئے کھانا تیار کیا تھا۔ مہمان ساتھ کھانے کے لئے جانا تو گھر والوں کو ہدایت کر رہا تھا کہ میرا انتظار نہ کیا جائے کہ میں آ کر پہلے کھانا شروع کروں اور کھانا سامنے رکھ دیا تھا۔ اس شخص نے نہیں کھایا۔ وہ کھانے کے لئے بیٹھا تو ابو جہل نے کہا کہ تم بھوکے رہو گے۔ (اس لئے کہ اس نے کھانا نہیں کھایا) جب کوئی مہمان رات کو شراب پینے کے لئے آتا تو وہ آنے نہ دیتا۔ دن بھر مہمان کے انتظار میں بیٹھا رہتا۔ اگر مہمان کے آنے سے پہلے کھانا کھا لیتا تو کہتا کہ تم بھوکے رہو گے۔ یہ بیان تو دشمن کے دل میں جگہ کرنے کا ہے۔ (تفسیر حقانی)

ایک ساتھ کھانے سے برکت ہوتی ہے

مسند احمد میں ہے کہ ایک شخص نے آ کر کہا یا رسول اللہ ہم کھانے تو پیتے ہیں لیکن آسودگی حاصل نہیں ہوتی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا شاید تم کھا کے الگ الگ ہو گے جمع ہو کر ایک ساتھ بیٹھ کر اللہ تعالیٰ کا نام لے کر کھاؤ تو تمہیں برکت دی جائے گی

غلام اپنے آقا کے گھر سے کھا سکتا ہے:

امام ابوحنیفہ کا اور امام احمد کے مذہب کا مشہور مقولہ ہے جس کی تکمیل حسب ذیل حکمت میں ہے اس سے عمر غلام اور اور نوکر چاکر ہیں کہ وہ اپنے آقا کے مال سے جب ضرورت ہو کچھ کھا سکتے ہیں۔ (تفسیر حقانی)

سلام کا طریقہ: نحیۃ بفتح راء تحیۃ کے معنی ہی سلام کرنا ہیں۔ اس نے لفظ تحیہ۔ سلموا کا مصدر مختلف ہے۔

نجاشی سے بھیجیں تھیں حضرت ابو موسیٰ اشعری کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ تم نے آج کیا (قرآن کریم) صورت میں پڑھا تو اس نے کہا کہ میں نے اپنی اسباق سے اچھا نہیں پڑھا تھا۔ (اور میں بھول گئی) کے بعد فرمایا کہ جبرائیل کی مشابہت جو مجھ میں ہوئی ہے اس کو سلام کرو۔ اور سنو وہ تم کو جواب دیتا ہے۔ وہ جواب دیں گے تو میں تمہارا جواب دیتا ہوں۔ (مسلم) ہوگا آدمی نے جا کر اسلام علیکم پڑھنے کے لئے سلام علیک پڑھنا چاہئے۔

حضرت ابو امامہ کی مرفوع روایت ہے کہ سب سے زیادہ بخل سے قریب رکھنے والا وہ شخص ہے جو سلام کی ابتداء نہ کرتا ہے۔

حضرت ابو ہریرہ کی مرفوع روایت ہے تو شخص کسی جلسہ میں پہنچے تو سلام کرے، پھر اس کا دل بیٹھنے کو چاہے تو بیٹھ جائے۔ پھر (واپسی کے وقت) جب اٹھے تو سلام کرے۔ پہلا سلام دوسرے سلام سے زیادہ حق (ثواب) نہیں ہے۔ (مؤطا امام مالک، ادب المفرد، ابوداؤد)

حضرت ابن عباس "وَإِذَا حُيِّيتُم بِتَحِيَّةٍ" سے مراد ہے کہ کوئی نوافل ہے۔

حضرت انس کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم میرے پاس آئیں۔ سلام کرو اور جس گھر والوں سے تمہارا کبھی ہو کہ جب اپنے گھر میں داخل ہو تو گھر والوں کو سلام کرو۔ اس سے زیادہ برکت کی خیر بڑھے گی اور چاشت کی نماز پڑھا کرو۔ یہ صلوٰۃ الاوابین (اللہ کی طرف لوٹنے والوں کی نماز) ہے۔ اگرچہ لیٹھی مائی شعب الایمان والکبیر اور ابن یوسف الجرجانی تاریخ جرجان اس حدیث کی سند ضعیف ہے۔

حضرت عبداللہ بن عمرو کا بیان ہے کہ ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا اسلام (میں) کون سا عمل (سب سے اچھا) ہے فرمایا یہ کہ تم کھانا کھلاؤ اور (ہر شخص کو) سلام کرو۔ خواہ اس کو جانو۔ خواہ نہ جانو۔ (بخاری و مسلم)

ابوداؤد نے کہا اگر تم اپنے گھر میں داخل ہو تو اپنے گھر والوں کو سلام کرو۔ ترمذی نے سلام کے زیادہ مستحق تین اور اس طرح فرمائے ہیں داخل ہو جبکہ کوئی نہ ہو تب (بھی سلام کرو) (یہ تینوں جملے علیہ و علیٰ عباد اللہ الصالحین) سلام سے بیان کیا گیا ہے۔ (ابن ماجہ سلام کا جواب دیتے ہیں۔

ثعلبی نے شعب الایمان میں ابن عباس کی مرفوع روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم باہر جاؤ تو اپنے گھر والوں کو سلام کے ساتھ رخصت کرو۔

ترمذی نے حضرت انس کا بیان نقل کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (مجھ سے) فرمایا۔ بیٹے جب تو گھر والوں کے پاس (گھر کے اندر) داخل ہو تو ان کو سلام کیا کرتے سے اور تیرے گھر والوں کے لئے برکت ہوگی۔ (مسند بزار)

خالی گھر پر سلام کا طریقہ:

حضرت ابن عباس نے فرمایا، اگر گھر کے صحن کی نہ ہو تو یوں کہے: اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا مِنْ رَبِّنَا السَّلَامُ عَلَيْكَ وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصّٰلِحِيْنَ السَّلَامُ عَلٰى اَهْلِ الْبَيْتِ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ "سلام ہو ہم پر اور ہمارے رب کی طرف سے سلامتی ہو ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر سلامتی ہو اور گھر والوں پر سلامتی اور اللہ کی رحمت ہو۔"

اس آیت کی توضیح میں عمرو بن دینار نے حضرت ابن عباس کا قول نقل کیا ہے کہ جب تم مسجد میں داخل ہو تو یوں کہو: اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصّٰلِحِيْنَ۔

مسلمان کے حقوق:

حضرت ابو ہریرہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مسلمان کے مسلمان پر چھ حق ہیں اگر کوئی بندہ ان کی رعایت کرے۔ اگر وہ مریض ہو جائے تو اس کے بنانے میں جا حاضر ہو۔ اگر وہ دعوت کرے تو بیدعوت کو قبول کرے۔ ملاقات ہو تو سلام کرے۔ اس کو چھینک آئے تو یرحمک اللہ کہے جب وہ مر جائے تو جنازہ میں جائے، ہو سکے تو اس کی قبر خود بنائے کرے۔ (مسلم، ابوداؤد، نسائی، ابن ماجہ، ابوداؤد کی اسی طرح کی حدیث نقل کی ہے۔

محبت کا ثمرہ:

حضرت ابو ہریرہ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، تم جب تک مؤمن نہ ہو گے جنت میں نہ جاؤ گے اور جب تک آپس میں محبت نہ کرو گے مومن نہ ہو گے، کیا میں تم کو ایسی بات نہ بتاؤں کہ اگر تم اس کو کرو تو آپس میں محبت کرنے لگو گے۔ سلام (کے رواج) کو پھیلاؤ۔ (رواہ مسلم۔)

إِنَّمَا الْمُؤْمِنُونَ الَّذِينَ آمَنُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ
ایمان والے وہ ہیں جو یقین لائے ہیں اللہ پر اور اس کے رسول پر
وَإِذَا كَانُوا مَعَهُ عَلَىٰ أَمْرٍ جَامِعٍ لَّمْ يَذْهَبُوا
اور جب ہوتے ہیں اس کے ساتھ کسی جمع ہونے کے کام پر تو نہیں جاتے
حَتَّىٰ يَسْتَأْذِنُوهُ إِنَّ الَّذِينَ يَسْتَأْذِنُونَكَ
جب تک آپ سے اجازت نہ لے لیں جو لوگ تجھ سے اجازت لیتے ہیں
أُولَٰئِكَ الَّذِينَ يُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ
وہ ہی ہیں جو مانتے ہیں اللہ کو اور اس کے رسول کو

اور پچھلی آیتوں میں آنے کے وقت استیذان (اجازت طلب کرنے) کا ذکر تھا۔ یہاں جانے کے وقت استیذان کی ضرورت بتلائی ہے یعنی پورے ایمان والے وہ ہیں جو رسول کے کاموں پر حاضر ہوتے ہیں اور جب کسی اجتماعی کام میں شریک ہوں مثلاً جمعہ، عیدین، جہاد اور مجلس مشاورت وغیرہ میں تو بدون اجازت کے الگ نہیں جاتے۔ یہی لوگ ہیں جو کامل اور صحیح معنی میں اللہ اور رسول کو ماننے والے ہیں۔ (تفسیر حقانی)

شان نزول: ابوداؤد میں بسند صحیح نے عمرو اور ابن اسحاق نے عمرو اور محمد بن کعب قرظی کے حوالہ سے بیان کیا ہے جنگ احزاب کے سال (جب قریش اور غطفان کے قبائل وغیرہ مدینہ پر چڑھ آئے تھے) قریش نے مدینہ میں چودہ راتوں کے بعد ۱۵ ویں کے مقام پر پڑاؤ کیا جس کا نگاہ ابوسفیان تھا اور غطفان (کے قبائل) نے آ کر احد کے ایک طرف نشیب میں قیام کیا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اطلاع مل چکی تھی آپ نے مدینہ کے گرد خندق کھدوائی تھی خود بھی حضور خندق کھودنے میں مصروف عمل تھے اور مسلمان بھی کام میں لگے ہوئے تھے، لیکن منافقوں میں سے کچھ لوگ سستی کر رہے تھے چھپ چھپ کر کام میں شریک تھے اور موقع پاتے ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم و اجازت کے بغیر گھروں کو پہنچنے سے سرک جاتے تھے پھر کسی مسلمان کو کوئی حاجت پیش ہو جاتی جس سے وہ مجبور ہو جاتا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کا ذکر کر جاتا اور اجازت لے کر جاتا۔ اجازت دینے پر ضرورت پوری کر کے واپس نہ جاتا تو اس پر یہ آیت (یا آئندہ آیت) نازل ہوئیں۔ (تفسیر مظہری)

فَإِذَا اسْتَأْذَنُوكَ لِبَعْضِ شَأْنِهِمْ فَأْذَن لِّمَن شِئْتَ مِنْهُمْ
پھر جب اجازت مانگیں تجھ سے بعض کسی کام کے لئے تو اجازت دے تو جس کو
وَاسْتَغْفِرْ لَهُمُ اللَّهَ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ
اور بخشش مانگ ان کے واسطے اللہ سے بیشک اللہ بخشنے والا مہربان ہے

حضور صلی اللہ علیہ وسلم جسے چاہیں اجازت دیں:

یعنی خود فکر کے بعد جس کو مناسب سمجھیں اجازت دے دیں۔ اور چونکہ اس اجازت پر عمل کرنا بھی فی الجملہ حیثیت نبوی سے تھا۔ من و عن اور صورۃً تقدیم اہم بالہام الدین کا شائبہ پائے جانے کی وجہ سے ہی ہے کہ ان مخلصین کے حق میں استغفار کریں تا آپ کے استغفار کی برکت سے اس تقص کا تدارک ہو سکے۔ (تفسیر قاسمی)

بعض جمعیت یعنی ہر طالب کو زمانہ کو اجازت دے دیا رسول پر لازم نہیں اور نہ اجازت طلب کرنے کا کہہ دینا کہ جو اجازت کی درخواست تو ہر ایک کر سکتا تھا۔ بعض جمعیت کی نوبت سے یہ بھی معلوم ہوا کہ بعض احکام امت کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی رائے پر موقوف ہیں ہوا اسی طرح خلیفہ وقت (کے خیار ذی اختیار) کو ان میں دخل ہے۔ (تفسیر عثمانی)

اجتماعی کاموں سے رخصت کا طریقہ:

مجاہد نے کہا جمعہ کے دن (خطبہ کے وقت) امام کی طرف سے ہاتھ سے اشارہ کر دینا اذن ہے قابل علم کہتے ہیں مسلمانوں کے ہر اجتماعی کام کا یہی

علم ہے۔ اب اس کے ساتھ کسی خیال کام کے لئے آواز دینا یا اپنے ادارے کے ساتھ کسی کو بلانے کا حکم دینا جائز نہیں ہے۔ جب کوئی جواب کے لئے اجازت مانگے تو اس کو چاہیے جانے دے۔ اجازت طلب کرنے اور اجازت دینے کی تعلیم اس وقت دی گئی تھی جب گھروں میں بے روک ٹوک آنا جانا تھا اور اس اختلاط کی وجہ سے اجازت طلب کرنے کی ضرورت تھی۔ اب تو ہر شخص اپنے مکان میں بھی اجازت لے کر یا کوئی خاص طریقہ اختیار کر کے داخل ہوتا ہے۔ اپنے علاقہ میں اجازت طلب کرنا ضروری نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

(۱۱) اور جب تم سے کہا جائے کہ واپس چلے جاؤ تو واپس چلے جانا تمہارے لئے زیادہ پاکیزگی کا موجب ہے اور جب وہاں سے آواز ہو تو تم بھی سلام کر لیا کرو۔ اور آواز کا سلام بھی جواب سلام سے کم نہ ہونا چاہیے۔ یہ ہدایت تو شروع میں تھی اب اجازت طلب کرنے کے وقت فرمایا۔

مقاتل بن حیان کہتے ہیں: جو شخص اپنے بھائی کے پاس جائے اور اس کے گھر میں داخل ہونا چاہے تو اجازت طلب کرے اور جب وہاں سے آواز ہو تو تم بھی سلام کرو۔ اس کے بعد کوئی شخص بغیر حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی اجازت کے نہیں جا سکتا خواہ کسی کو کوئی ضروری کام ہو یا نہ ہو تو اس سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم اجازت دینے میں بے کہ خلیفہ کی حالت میں بھی ہو۔ (تفسیر ابن کثیر)

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے طلب فرمانے پر حاضر ہونا فرض ہو جاتا ہے

یعنی حضرت کے بلانے پر حاضر ہونا فرض ہو جاتا ہے۔ آپ دنیا کے بادشاہوں کی طرح نہیں کہ جو بے ادب چاہے پاس بٹھا لے۔ اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جانے کی جو حد مقرر کر دی ہو آپ اس سے آگے نہ بڑھنا چاہئے۔ آپ کی مجلس عام مجلسوں کا سا نہیں ہوتی۔ یہاں کی ہر بات میں ادب کا پہلو ملحوظ رکھنا چاہیے۔ عام مجلسوں کی طرح "یا محمد" کہہ کر آواز دینا ہرگز درست نہیں بلکہ یا نبی اللہ اور یا رسول اللہ جیسے منصفانہ القاب سے پکارنا چاہیے۔ حضرت شاہ صاحب لکھتے ہیں: "حضرت کے بلانے سے فرض ہو جاتا حاضر ہونا جس کا حکم فرمائیں۔ پھر یہی قدر کہ دروازے سے اجازت لے کر جائیں۔ اب بھی جب مسئلہ قرآن کے دو اوراق کے ساتھ یہ برتاؤ ہونا چاہیے تو حدیث

بیماتیوں کی اصلاح:

اور یہ حکم نے نادان لوگوں کی اس عادت کی اصلاح فرمائی ہے کہ (پرانی اجڑی ہوئی) بستیوں میں جانے سے تو ان کا دل نہیں گھبراتا لیکن جب کسی آباد گھر میں جانے کا حکم ہوتا ہے تو ان کا دل گھبراتا ہے اور اس کو اپنے اوپر بوجھ سمجھتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بددعا سے ڈرتے رہو!

بخاری نے بھی یہ حدیث ان جوان کے آنے کا ذکر کرنے کے بعد بیان کی ہے (تم اللہ کے رسول کو دیکھ نہ سکو) تم ان کی بددعا سے ڈرتے رہنا چاہیے (ان کی بددعا سے ڈرنا چاہیے خاص) بدعتیوں کی بددعا سے ڈرنا چاہیے۔

بیہودگیوں کی سزا تاخیاں:

بخاری نے بھی حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے کہ ایک شخص حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی مجلس میں آیا اور کہا کہ فلاں (شخص) مر گیا (تم کو) موت آ جائے) حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم کو (اور تم پر بھی) حضرت عمر نے فرمایا السام علیکم و لعنۃ اللہ و غضب علیکم (تم کو موت آئے تم پر اللہ کی لعنت ہو اور غضب ہو تم پر) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عمر! ٹھہر جاؤ (ایسا نہ کہو) کہ تم کو موت کا ڈر اور ہیبت ہے۔ حضرت عمر نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ! کیا وہ آپ کے مخلص نہ تھے؟ آپ نے فرمایا کیوں نہیں (مخلص تھے) حضرت عمر نے عرض کیا کہ پھر ان کو کیا ہوا (کہ آپ نے ان کو ایسا فرمایا) آپ نے فرمایا کہ وہ اللہ کے بارے میں فضول سوچ بچار کرتے تھے۔ (یعنی ایسی باتوں کے بارے میں قیاس نہ کرتے تھے جن کا علم اللہ کے سوا کسی کو نہیں)

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس کے خصوصی اور عام معاشرت کے بعض آداب واحکام

آیات مذکورہ میں دو حکم دیئے گئے ہیں۔ پہلا یہ کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کو کسی (دینی) بات کے لئے جمع کریں تو متفرق طور پر نہ چلے جائیں بلکہ سب جمع ہو جائیں اور پھر آپ کی مجلس سے بغیر آپ کی اجازت کے نہ

پر کہیں۔ کوئی شرعی دشواری پیش آئے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے جو ہدایت حاصل کریں اس پر عمل کریں۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ہدایت ہے کہ ان کی خاص توجہ اور ضرورت ہو تو اجازت دے دیا کریں۔ نبی محترم کی اجازت کی بھی ضرورت ہے اور اس خلاف ایمان نے خلاف جماعتی سے بچنے کے لئے حاصل تو ہوتے ہیں مگر کچھ کمی کی آڑ لے کر پیچھے سے کھسک جاتے ہیں۔ (مصداق سفلی العلم)

مفسدہ اس حدیث ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں میری اور تمہاری مثال ایسی ہے جیسے کسی شخص نے آگ جلائی جب وہ روشن ہوئی تو پتنگوں اور کیڑوں کا اجتماع ہو گیا اور وہ حضرات اس میں گرنے لگے اب یہ شخص ان پتنگوں کو آگ میں گرنے سے روک رہا ہے لیکن وہ اس کی خوشی سے نہیں مانتے اور گر جاتے ہیں اسی طرح میں تمہیں دوزخ سے روک رہا ہوں لیکن تم ہو کہ میری اور تمہاری مثال یہ ہے کہ تم آگ میں گرنا چاہتے ہو اور میں تمہاری کمریں پکڑ پکڑ کر تمہیں آگ سے روک رہا ہوں لیکن تم ہو کہ میرے ہاتھ سے چھوٹ کر آگ میں گرے جا رہے ہو۔ (یہ حدیث بخاری و مسلم میں بھی ہے مترجم)

قَدْ يَعْلَمُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ يَتَسَلَّلُوْنَ مِنْكُمْ لِوَاذًا

اللہ جانتا ہے ان کو جو تم میں سے چپکے سے کھسک جاتے ہیں۔

منافقین کی گستاخیاں: یہ منافقین تھے جن کو محفل رسول میں بیٹھنا اور بیٹھ کر نصیحت سننا شاق گزرتا تھا۔ وہ آنکھ بچا کر اور آنکھ چرا کر محفل سے باہر جانے کی جرأت نہ کر سکتے تھے بھی ان کی آڑ میں ہو کر ساتھ ساتھ چل دیتے اس کو فرمایا کہ تم پیغمبر کے ساتھ ایسا چھپ کر جانا اللہ تعالیٰ کی نظر سے اوجھل نہیں ہے۔ (تفسیر عثمانی)

فَلْيَحْذَرِ الَّذِيْنَ يُخَالِفُوْنَ عَنْ اَمْرِهٖۤ اَنْ تُصِيْبَهُمْ

جو لوگ مخالفت کرتے ہیں حکم کی اس سے کہ پہنچے ان کو

فِتْنَةٌ اَوْ يُصِيْبَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ

کوئی آفت یا پہنچے ان کو عذاب

نافرمانوں کو عذاب سے ڈرنا چاہئے: یعنی اللہ و رسول کے حکم کی خلاف ورزی کرنے والوں کو ڈرتے رہنا چاہئے کہ کہیں ان کے دلوں میں کفر و نفاق وغیرہ کا فتنہ پیدا ہونے کے بعد ترقی کر جائے۔ اور اس طرح وہ اپنی کی گئی سخت آفت یا آخرت کے دردناک عذاب میں مبتلا ہو جائیں۔ (احیاء العلوم)

اَلَاۤ اِنَّ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ قَدْ يَعْلَمُ

سنتے ہو اللہ ہی کا ہے جو کچھ ہے آسمانوں اور زمین میں اس کو اللہ جانتا ہے

مَاۤ اَنْتُمْ عَلَيْهِ وَيَوْمَ يُرْجَعُوْنَ اِلَيْهِ فَيُنَبِّئُهُمْ بِمَا

جس حال پر تم ہو اور جس دن پھیرے جائیں گے اس کی طرف تو بتا دے گا

عَمِلُوْا ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۶۴﴾

ان کو جو کچھ انہوں نے کیا اور اللہ سب کچھ جانتا ہے

اللہ تعالیٰ سے کوئی کام چھپ نہیں سکتا: یعنی مخلوق سے تو تم چھپ کر کوئی کام کر لو گے لیکن خالق حقیقی سے تمہارا کوئی حال پوشیدہ نہیں، وہ ملک جس کی زمین و آسمان میں سے کہیں بھاگ نہیں سکتے ہو۔ وہ جس طرح تمہارے افعال سے باخبر ہے اپنے ہی اس زمین کی کیفیت سے بھی باخبر ہے جب تم مخلوق سے چھپ کر کام کرتے ہو تو مخلوق سے چھپنے کے لئے اس کی طرف کوئی جگہ ہے اور ہر ایک کے ہونے کا زمانہ اور محل معلوم ہے۔ وہ دیکھ رہا ہے گا۔ اپنے علیم، کل اور بالکل کی سزا کے مجرم کس طرح اپنے کو بچا سکتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

عورتوں کو سورۂ نور سکھاؤ:

جذامی نے حضرت عائشہ کی روایت سے لکھا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عورتوں کو بالا خانوں پر نہ رکھو اور ان کو لکھنا نہ سکھاؤ (یعنی ان کو پڑھنا سکھاؤ) ان کو چرخہ کی اور سورت نور کی تعلیم دو۔ اسی سے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے اور بھلا یہ دونوں نے فرمایا (تفسیر حقانی)

ثم سورة النور بفضل الله ونزفيقه، اللهم نور قلوبنا بالايمان والاحسان ونور قبورنا واعظم لنا نورنا واغفرلنا انك على كل شئ قدير وبالاجابة جدير

الحمد للہ سورۃ النور ختم ہوئی

سورۃ الفرقان

(جس نے خواب میں اس کی تلاوت کی اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ حق کو پسند کرے گا اور اس پر عمل اس کو آسان ہوگا۔ ابن سیرین)

تَبٰرَكَ الَّذِيْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلٰى عَبْدِهٖ لِيَكُوْنَ لِلْعٰلَمِيْنَ نَذِيْرَا ۙ

وہ (اللہ) بڑی برکت والا ہے جس نے اتارا فرقان اپنے بندے پر تاکہ ہو وہ سارے جہان والوں کو ڈر سنانے والا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو بہت مہربان نہایت رحم والا ہے

تَبٰرَكَ الَّذِيْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ

بڑی برکت ہے اس کی جس نے اتارا یہ فیصلہ کی کتاب

حق و باطل کا فیصلہ کرنے والی کتاب:

"فرقان" کا لفظی معنی "کتاب قرآن کریم کو فرمایا ہے کہ یہ حق و باطل کا فیصلہ کرنے والی کتاب ہے اور ہر معاملے کو کھول کر ایک ایک کر کے بیان کرنے والی کتاب ہے۔ اللہ تعالیٰ نے یہ کتاب اپنے بندے اور رسول کے اوپر نازل فرمائی جس کو اللہ تعالیٰ نے تمام جہانوں کی ہدایت کے لئے مکمل اور آخری کتاب بنا کر بھیجا ہے۔ اس کتاب کی حفاظت کا ذمہ بھی اللہ تعالیٰ نے خود لیا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

قرآن کی قرأتیں:

امام مالک، امام بخاری، امام مسلم نے حضرت عمر بن خطاب کا بیان نقل کیا ہے حضرت عمر فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی میں میں نے ہشام بن حکیم کو سورۃ فرقان پڑھتے سنا اور ان کی قرأت کو مختلف پایا کہ شام ان کے بیشمار الفاظ پر سورۃ فرقان پڑھ رہے ہیں جس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے نہیں پڑھایا تھا کہ میں ان سے الجھ پڑوں مگر نماز کے بعد میں نے ان کی گریبان سے پکڑا اور کھینچتا ہوا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لے گیا اور عرض کیا کہ یا رسول اللہ! میں نے اس شخص کو سورۃ فرقان پڑھتے سنا ہے اور آپ نے مجھے نہیں پڑھایا تھا۔ میں نے اس کو پکڑ کر آپ کے پاس لانا چاہا تو آپ نے فرمایا کہ اس کو چھوڑ دو اور ہشام سے کہا کہ پڑھو۔ ہشام نے پڑھا تو آپ نے فرمایا کہ اسی طرح نازل ہوئی ہے پھر مجھ سے فرمایا کہ پڑھو۔ میں نے پڑھا تو آپ نے فرمایا کہ اسی طرح نازل ہوئی ہے۔ قرآن سات قرأتوں پر نازل ہوا ہے جس طریقہ سے تمہارا دل چاہے اس طریقہ سے پڑھو۔ (مؤلف غفرلہ)

تبارک کا استعمال صرف اللہ کے لئے:

اس مخصوص صیغہ کے لفظ برکت سے بنایا گیا ہے۔ برکت کا معنی ہے کثرت خیر، ثابت خیر، خیر جاری۔ حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا بلندی کی طرف۔ (ابن کثیر)

برکت کا مطلب:

تبارک، برکت سے مشتق ہے۔ برکت کے معنی خیر کی کثرت کے ہیں۔ ابن عباسؓ نے فرمایا کہ معنی آیت کے یہ ہیں کہ وہ خیر و برکت اللہ سبحانہ کی طرف سے ہے۔

قرآن کو فرقان کیوں فرمایا:

فرقان، قرآن کریم کا لقب ہے اس واسطے کہ یہ حق و باطل میں تمیز اور فرق کرتا ہے۔ قرآن چونکہ اپنے واضح اشارات کے ذریعہ حق و باطل میں تمیز اور فرق کرتا ہے اور مجموعہ کے ذریعہ اہل حق و باطل میں امتیاز کرتا ہے اس لئے اس کا نام فرقان کیا گیا ہے۔ (اعلاء السنن)

عَلٰى عَبْدِهٖ

اپنے بندے پر

کامل و اکمل بندہ: یعنی اپنے اوصاف کاملہ اور اخلاق فاضلہ کے ساتھ سارے انسانوں میں ممتاز و منفرد ہیں جن کی کمال محبوبیت کی وجہ سے آپ کو "حبیب اللہ" کا لقب عطا فرمایا گیا۔ صلوات اللہ وسلامہ علیہ۔

لِيَكُوْنَ لِلْعٰلَمِيْنَ نَذِيْرَا ۙ

تاکہ وہ سارے جہان والوں کو ڈر سنانے والا ہو

قرآن کا پیغام عالمگیر ہے:

